جناب سرتاج عزیز (وزیر اعظم کے مشیر برائے امورِ خارجہ): شکریہ جناب چیئرمین۔ جو general بات ہوئی کہ پارلیمنٹ کا کردار خارجہ پالیسی میں زیادہ ہونا چاہیے، یہ بہت اچھی تجویز ہے۔ میں آپ کو یاد دلاؤں کہ 80s میں جب جونیجو صاحب کی حکومت تھی، اس وقت یہ روایت تھی کہ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس پورے ہفتے کا ہوتا تھا، یعنی پانچ دن کے لیے، اس میں exclusively خارجہ پالیسی پر debate ہوتی تھی، وزیرِ خارجہ open کرتا تھا، پھر اس کے بعد رہنمائی ہوتی تھی اور

پھر وہ wind up ہوتا تھا۔ ضرورت ہو تو اس روایت کو دوبارہ قائم کیا جائے کیونکہ یہ ہمارے لیے بھی اچھا ہے اور اراکین کو بھی موقع ملے گا کہ وہ اس پر بات کریں۔ آج بھی یہاں جو گفتگو ہوئی اور تجاویز دی گئی ہیں، وہ بھی زیادہ تر ہماری position کے مطابق ہے، اس سے اسے مزید تقویت ملے گی۔

جیسے آپ نے خود کہا کہ اس وقت جنرل اسمبلی کے دورے کی اہمیت دو لحاظ سے زیادہ ہے۔ ایک تو اقوامِ متحدہ کی 70th Anniversary ہے۔ اس حوالے سے اس دورے کی special significance ہے۔ تقریباً ڈیڑھ سو کے قریب heads of states and governments وہاں آئیں گے۔ Theme of this meeting is "the UN at 70, the road ahead for peace, security and human rights." تو یہ بنیادی theme ہے جس پر باتیں ہوں گی۔ اس کے علاوہ اس سیشن کی ایک اور اہمیت ہے کہ سال 2000 سے 2015 تک جو Millennium Development Goals تھے وہ اب ختم ہو چکے ہیں اور Sustainable Development Goals جو 2015 سے 2030 کے لیے ہیں، ان پر ایک سپیشل سیشن ہو گا اور وہ adopt کیے جائیں گے۔ تو یہ بھی UN کا landmark ہے جو آئے گا۔ اس طرح UN peace keeping summit صدر اوبامہ اور بعض اور لیڈروں کو جو ہمارے Prime Minister co-host کریں گے۔ آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان ایک leading troop contributor اس کے علاوہ ہے۔ ایک high level round table ہو گی south south cooperation جو چین کے صدر اور UN Secretary General chair کر رہے ہیں، اس میں بھی شمولیت ہو گی اور ایک global leaders meeting ہے on gender equality and women empowerment یہ بھی چین کے صدر host کر رہے ہیں۔ یہ پانچ چھ Items ہیں جو کہ کافی اہمیت رکھتے ہیں۔ میں اس میں صرف ایک چیز کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس مرتبہ ہم یہ کوشش کر رہے ہیں کہ ان تمام Items پر وہاں صرف تقریر نہ کریں بلکہ اس حوالے سے جو ہمارا کام ہے اس کو اچھے طریقے سے کریں مثلاً Millennium Development Goals کو سال 2000 میں National Goals میں convert نہیں کیا گیا تھا۔ اب ہم نے کام شروع کر دیا ہے کہ Sustainable Development Goals جس کو post

National 2015 development agenda کہتے ہیں اس کی روشنی میں ہم Goals بنائیں۔ ہمارا 2025 کا vision تیار ہو چکا ہے لیکن اس کو 2030 تک extend کر کے اسی framework کے انشاء اللہ دسمبر تک ہمارے National Goals تیار ہوں گے۔ اس کا موثر monitoring mechanism ہوگا، یہ National Economic goals Council میں سال کے شروع میں منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے اور پھر باقاعدہ ان کی annual یا biannual monitoring ہوگی۔ اس مرتبہ مجھے امید ہے کہ Sustainable Goals پر ہماری MDG performance کے مقابلے میں بہت بہتر ہوگی کیونکہ National Goals بھی ہوں گے اور monitoring بھی ہوگی۔

اس طریقے سے جو باقی مقاصد ہیں مثلاً south south cooperation, gender equality climate change ان پر بھی ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ہم وہاں پر صرف تقریر نہ کریں بلکہ ہمارا اپنا ہوم ورک اور کارگزاری اچھی ہو۔ باقی margin پر ظاہر ہے بہت میٹنگ ہوں گی اور کشمیر کا ایک OIC contact group ہے اس کی بھی ministerial level پر میٹنگ ہوگی اور وہ ہمیشہ ہمارے لیے بڑی مفید ہوتی ہے کہ OIC کی طرف سے ہمیں اس مسئلے پر پوری support ملتی ہے اور ہم اس کا ذکر کر سکتے ہیں۔

اب اس کے بعد میں آتا ہوں۔ UN کی sidings پر جو issues اٹھائے جائیں گے اور اس پر جو جو باتیں ہوں گی۔ میرا خیال ہے پہلے میں LoC کے issue پر بات کروں جس کا ذکر بہت سے ممبران نے کیا ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ ابھی حال ہی میں D.G Rangers اور D.G.Border Security Force کے درمیان ایک میٹنگ ہوئی ہے۔ اس کا agenda تو کافی وسیع تھا، violation in exchange of fire and mortar shelling across the working boundary simultaneously coordinated patrolling in inadvertent crossers, iv) smuggling, v) timely exchange of information, vi) other measures that may be taken towards making the existing mechanism more effective to ensure peace. اور کافی تفصیل سے یہ میٹنگ 9 سے 12 ستمبر تک ہوئی۔ اس میں conclusions یہ تھے کہ enhanced communication via

multiple modes including mobile, fax, E-mail and all possible levels to check ceasefire violation, joint ہم نے enquiry کی تجویز دی لیکن وہ انہوں نے نہیں مانی کہ اپنی اپنی انکوائری کریں۔ پاکستان نے نشاندہی کی کہ BSF بڑا strong border control کر رہا ہے کیونکہ working boundary پر اونچی دیوار اور lights لگی ہیں تو کیوں وہاں پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ یہاں سے cross border infiltration ہو رہی ہے اس لیے وہ فائرنگ کر رہے ہیں۔ اس بارڈر پر نہ صرف انہوں نے دیوار بنائی ہے، لائٹیں بھی ہیں اور تاریں بھی ہیں۔ وہاں سے بالکل کوئی گزر ہی نہیں سکتا، سمگلنگ پر بھی بات ہوئی۔ انڈیا جو بارڈر پر نئے installations یا structure بنا رہا ہے ان پر اعتراض کیا گیا کہ وہ UN Resolution کی violation ہے یہ وہ نہیں کر سکتے۔ باوجود اس کے کہ وہاں میٹنگ بہت اچھے ماحول میں ہوئی لیکن اس کے فوراً بعد جیسا کہ ممبران نے point out کیا، دو دن کے بعد دوبارہ فائرنگ ہوئی۔ میں اس میں یہ وضاحت کر دوں کہ لائن آف کنٹرول وہ ہے جہاں دونوں طرف کشمیر ہے، ورکنگ باؤنڈری وہ ہے جہاں ایک طرف کشمیر ہے اور ایک طرف ہمارے ہاں International Boundary ہے۔ اس مرتبہ وہ جو violation کر رہے ہیں وہ LoC پر کر رہے ہیں کیونکہ یہ جو میٹنگ ہوئی تھی یہ ورکنگ باؤنڈری کے حوالے سے ہوئی تھی۔ ہم نے کل ان کے ڈپٹی ہائی کمشنر کو بلا کر protest بھی کیا۔ ہمیں زیادہ توقع نہیں لیکن جب وہ violation کرتے ہیں ہم اس کا بہت موثر جواب دیتے ہیں اور یہی اس کا علاج ہے لیکن UN کی سطح پر 4 ستمبر کو ہمارے مستقل مندوب نے Security Council کے صدر کو تفصیلی خط لکھا، پوری تفصیل دی کہ کتنی violations ہوئی ہیں اور یہی کہا کہ

"prolong hostility on the Line of Control and working boundary is vitiating the already tense atmosphere between the two countries and it is a matter of grave concern. The Government of Pakistan has urged India to stop ceasefire violations and abide by the 2003 ceasefire arrangement for restoration of peace and tranquility. We expect the Security Council to also take note of this provocative Indian attitude and urge restrain".

اور یہ خط یہ official document Security Council کے طور پر circulate ہو چکا ہے۔مزید وہاں جو discussions ہوں گی General Assembly میں یا bilateral ملاقاتوں میں اس پر ہم ضرور اس پر بات چیت کریں گے۔

اب میں ان سوالات کی طرف آتا ہوں جو آج اٹھائے گئے ہیں۔اس میں پہلے انڈیا کی بات کرتے ہوئے سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ تاثر کہ چونکہ Ufa میں کشمیر کا لفظ ہی نہیں تھا، یا کشمیر omit ہو گیا تھا۔ میں نے اس کی وضاحت 13 جولائی کو کر دی تھی کہ وہاں پر بڑا clearly لکھا ہوا ہے کہ "both sides have a collective responsibility to restore durable peace and promote development. For this purpose. It was agreed to resolve all outstanding issues by discussion", میں سب کو پتا ہے کہ all outstanding issues میں پہلا issue کشمیر ہے اور اسی لیے میں نے تین دن کے اندر اندر بڑی تفصیل پریس کانفرنس میں یہ بات صاف کر دی تھی۔ یہ کہنا کہ Ufa سے کشمیر omit ہو گیا تھا یہ صحیح نہیں ہے۔اس کے بعد ظاہر ہے کہ ہندوستان نے جو Ufa کا interpretation ہم سے مختلف تھا ایک پیرا تھا کہ Security Council Adviser will meet to discuss terrorism related issues لیکن اس کے علاوہ تین اور decisions تھے کہ وہ LoC اور ورکنگ باؤنڈری پر ceasefire violations کیسے کم ہوں گے، Fishermen کی release اور religious tourism اس کے علاوہ جو اہم فیصلہ تھا وہ all other outstanding issues کا تھا ہم نے اس لیے three points agenda ان کو propose کیا کہ NSAs will discuss terrorism related issues (ii) the two sides will also review the other decisions taken at Ufa i.e the LoC violation, Fishermen and religious tourism and third was modalities for discussion on all other outstanding issues. ہم یہ نہیں کہہ رہے تھے کہ ان issues پر اس وقت تفصیلی بات ہو گی but at least modalities and a time frame by which these should be discussed. تو یہ ہمارا clear agenda تھا جب انہوں نے اصرار کیا کہ نہیں صرف terrorism related agenda ہو گا اور کشمیری لیڈرز کو بھی نہیں

ملیں گے تو ہم نے صاف کہہ دیا کہ preconditions کے مطابق ہم نہیں آ سکتے۔ انڈیا سے جب بھی بات ہو گی تمام issues پر ہو گی بشمول کشمیر کے ورنہ کوئی discussion ان کے ساتھ نہیں ہو گی۔ کشمیری لیڈرز کو ملنے کا بھی ہم اپنا حق رکھتے ہیں کیونکہ وہ اس معاملے میں stakeholders ہیں۔ تو ہمارا موقف بڑا واضح ہے اور اس کو نہ صرف ہمارے ہاں appreciate کیا گیا بلکہ انڈیا کے میڈیا میں بھی ہمارا جو اصولی موقف تھا اس کو appreciate کیا گیا۔ اس میں میرا خیال ہے کہ ایک لحاظ سے یہ clarify ہو گیا کہ انڈیا کو شش کر رہا تھا کہ terrorism سامنے رہے اور باقی issues کو پیچھے لے جائیں۔ اب یہ بات بڑی واضح ہو گئی ہے اور UN میں مزید اس پر انشاءاللہ بات ہو گی۔ بعض ممبران نے صحیح نشاندہی کی ہے کہ bilateralism has run its course اور ہمیں اس issue کو internationally highlight کرنا ہے۔ یہ پچھلے سال بھی کیا تھا اور اس سال مزید کریں گے کیونکہ شملہ کو اب تقریباً 45 سال ہو گئے ہیں اور کوئی progress اس پر اب تک نہیں ہوئی اور حالات ایسے ہیں کہ اس وقت tension بھی ہے اور tension کبھی بھی can go out of control and lead to consequences which nobody wants اس لیے international community کو اس security situation کا نوٹس لینا چاہیے اس پر بھی اور اس حوالے سے ہم نے امریکہ کو بھی اس چیز کا احساس دلایا ہے کہ آپ جو کچھ بھی انڈیا کے ساتھ defence cooperation کر رہے ہیں یا کچھ اور cooperation کر رہے ہیں تو اس میں جو imbalance ہے conventional بھی اور non-conventional بھی اس کو upset نہیں ہونا چاہیے ورنہ اس سے مزید complications پیدا ہوں گی۔ یہ ایک recurrent theme ہے جو کہ انشاءاللہ ہم اٹھاتے رہیں گے اور اس پر مزید بات چیت ہو گی۔

اس کے بعد جہاں تک ہماری میٹنگ کا سوال ہے۔ میں نے کل بھی اس پر بیان دیا ہے کہ ہم نے کوئی initiative نہیں لینا ہے کیونکہ انہوں نے NSAs کی میٹنگ cancel کی تھی اگر ان کو ملنے کی خواہش ہے تو وہ خود initiative لیں گے لیکن یہ سن لیں کہ جب میٹنگ ہو گی اور resumed dialogues کی طرح تمام issues پر ہو گی کوئی isolated موضوع نہیں ہو گا اور پہلے بھی جب composite dialogue ہوا تھا اس میں terrorism was

one of the 8 issues تو simultaneously سب پر بات ہو سکتی ہے۔ وہ جو ہندوستانی وزیر خارجہ کی پریس کانفرنس تھی کہ پہلے terrorism پر بات ہو گی باقی بعد میں ہو گا that is totally unacceptable. اب اس کے بعد جو اگلے points اٹھے ہیں وہ امریکہ کے حوالے سے ہیں۔ ہندوستان کے ساتھ امریکہ کے جو defence ties ہیں ان کو گہرا کرتے جا رہے ہیں اور مجموعی طور پر چائنا کو constrain کرنے کے لیے کچھ کوششیں ہو رہی ہیں۔ یہ مسئلہ واقعی ایک لحاظ سے غور طلب ہے لیکن جیسے ارکان نے خود کہا کہ اس وقت جو global geopolitical structure ہے وہ Russia, China and Eurasia کی طرف shift ہو رہا ہے۔ ہم نے اپنے مفاد میں چین کے ساتھ جو معاہدہ کیا وہ ان کے interest میں بھی ہے کہ انہیں بھی Indian Ocean کے لیے access چاہیے اور ہمارا interest بھی ہے کہ ہمیں Central Asia اور باقی ممالک کے لیے access چاہیے، ہمارا مقصد totally development related ہے، it is not security driven اور اگر وہ اس طرح interpret کر رہے ہیں تو میرے خیال وہ shortsighted ہیں، اللہ کے فضل سے ہم میں اپنی capability, interest, sovereignty and security کو protect کرنے کی صلاحیت ہے اور اس پر ہم بات چیت کر رہے ہیں۔ ستمبر میں General Assembly کی meeting ہے، اکتوبر میں وزیر اعظم صاحب کا امریکہ کا دورہ ہو گا، اس میں یہ تمام issues مجموعی طور پر اٹھائے جائیں گے، خاص طور پر India and Pakistan کا strategic اور دوسرا conventional imbalance ہے، اس پر ضرور بات ہو گی۔

جناب چیئرمین! اس کے بعد جو points اٹھائے گئے ہیں، اس میں خاص طور پر Indian interference کا مسئلہ ہے، ہم نے کئی سالوں کے بعد پہلی مرتبہ ایک dossier تیار کیا ہے کہ وہ ہمارے ہاں کس طرح interfere کر رہے ہیں اور terrorism بھی promote کر رہے ہیں۔ ہم وہ اپنے ساتھ لے کر جا رہے ہیں، اسے کس طرح استعمال کریں گے، یہ وہاں پر depend کرتا ہے لیکن definitely یہ اقوام متحدہ کو پیش کریں گے۔ وہ تو ہمیں blame کرتے ہیں کہ آپ کے non-state actors یہاں آ کر کچھ کرتے ہیں، ہم تو state actors کی بات کر رہے ہیں کہ

وہ یہاں interfere کر رہے ہیں۔ ہمیں یہ معاملہ بھی vigorously and proactively آگے چلانا ہے۔

جناب چیئرمین! اب میں افغانستان کے مسئلے پر آتا ہوں۔ اشرف غنی صاحب کے آنے کے بعد افغانستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئی تھی وہ بہت خوش آئند اور بہت اہم تھی کیونکہ انہیں بھی یہ محسوس ہوا تھا کہ اگر ہم دونوں مل کر کوشش کریں گے تو وہاں peace and stability آئے گی اور ہمارا بھی یہی تقاضا تھا کہ جب تک افغانستان میں امن نہیں آئے گا، پاکستان میں امن نہیں آئے گا۔ ان تعلقات کی بہتری صرف diplomacy نہیں تھی، ہماری بنیادی policy میں تبدیلی تھی کہ ہم افغانستان میں نہ interfere کریں گے اور نہ ہمارے کوئی favourites ہیں۔ یہ policy صرف افغانستان کے حوالے سے نہیں تھی بلکہ یہ ایک general policy تھی۔ ہم نے پچھلے بیس، تیس سالوں میں اوروں کی جنگیں لڑ کر اور interference کر کے کافی نقصان اٹھایا اور ہمارے اپنے لیے ایک existential threat بن گیا تھا۔

جناب چیئرمین! آپ نے دیکھا ہو گا کہ اس دوران دنیا بھر میں جتنے واقعات ہوئے ہیں جہاں ہمارا کوئی خاص مفاد نہیں ہے، مثلاً Ukraine, Syria or Libya etc., جتنے بھی مسائل ہیں، ان پر ہم نے اقوام متحدہ کی international position اختیار کی ہے، کوئی side نہیں لی اور اس policy کے حوالے سے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنا گھر ٹھیک کریں، اپنے border کو protect کریں اور اپنے مفاد کا تحفظ کریں۔ جب ہم نے یہ بات Afghan leaders کو بتائی کہ اگر آپ کا یہ خیال ہے کہ آپ نے پچھلے بارہ سالوں میں جو کچھ حاصل کیا ہے وہ threatened ہے اور وہ اس لیے threatened ہے کہ ہم طالبان کو support کریں گے، اس کی کوئی گنجائش نہیں ہے، آپ نے خود اس چیز کو manage کرنا ہے، ہماری طرف سے نہ کوئی interference ہو گی اور نہ ہمارے کوئی favourites ہیں۔ جب ہم نے وزیرستان میں operation کیا تو اس چیز کو ثابت کر دیا، without discrimination تمام جہادی تنظیموں کے infrastructure کو eliminate کیا۔ ٹھیک ہے ان کی کچھ نہ کچھ capacity باقی ہے لیکن تمام لوگوں نے دیکھا کہ National Action Plan کے بعد اس activity میں کافی کمی آئی ہے اور مجموعی طور پر terrorism کے حوالے سے حالات بہتر ہو رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! افغانستان میں توقع تھی کہ طالبان کے ساتھ مارچ، اپریل میں جب بات چیت شروع ہو گی تو اس کے بعد وہاں زیادہ insurgency نہیں ہو گی۔ یہ بات چیت مارچ، اپریل میں شروع نہیں ہو سکی کیونکہ اروچی میں ایک informal meeting ہوئی تھی وہ leak ہو گئی، طالبان نے کہا کہ ابھی تو ہمیں شوریٰ کی منظوری بھی نہیں ملی تھی، یہ بات کیوں leak ہو گئی؟ ظاہر ہے کہ detractors نے وہ بات leak کی تھی، اس لیے اس میں دو تین مہینے کی delay ہو گئی۔ اس دوران وہاں جسے spring offensive کہتے ہیں وہ شروع ہو گیا اور اس میں سوائے چار، پانچ صوبوں کے تمام جگہوں پر شدید insurgency ہوئی اور یہ غیر متوقع نہیں تھی، ISAF کی forces کے جانے کے بعد یہ پہلا سال تھا اور توقع کی جا رہی تھی کہ یہ ہو گی لیکن جس scale پر ہو رہی ہے یہ توقع سے زیادہ ہے۔

اس کے بعد جب سات جولائی کی meeting ہوئی تو یہ اس لیے اہم تھی کہ پہلی مرتبہ طالبان نے افغان حکومت سے formal بات کی، پہلے وہ individual level پر ملتے تھے۔ دوسری اچھی بات یہ تھی کہ انہوں نے کہا کہ continuity ہے اور اکتیس جولائی کو دوسری meeting fix ہو گئی جس کا level بھی higher تھا اور agenda بھی زیادہ تھا لیکن انتیس جولائی کو ملا عمر کے انتقال کی خبر آ گئی، اس کی وجہ سے یہ talks ملتوی ہو گئیں اور یہ معاملہ کھٹائی میں پڑ گیا، اس کے بعد کابل میں بہت بڑا حملہ ہوا جس کی وجہ سے dialogue delay ہو گیا۔ ان کی توقعات تھیں کہ جیسے ہی طالبان سے بات چیت شروع ہو گی insurgency کم ہو گی، میرے خیال میں یہ realistic نہیں تھی۔

اب صورت حال یہ ہے کہ وہاں پر political differences ہیں، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ طالبان سے بات کریں، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ نہ کریں یا کچھ اور طریقہ اختیار کریں۔ ہمارا موقف ہے کہ یہ Afghan led-Afghan owned process ہے، ان کے کہنے پر ہم نے یہ dialogue شروع کیا تھا، اب اگر وہ کہیں گے کہ ہمیں دوسرا round چاہیے، ہم guarantee نہیں دے سکتے کہ اب طالبان کی نئی leadership کیا بات کرے گی لیکن ہم کوشش کریں گے کہ facilitate کریں، یہاں بھی meeting ہو سکتی ہے China میں بھی ہو سکتی ہے کہیں اور بھی ہو سکتی ہے لیکن اب افغانستان کا initiative ہے کہ دوسرا round ہو گا یا

نہیں ہو گا، اگر ہو گا تو کب ہو گا، جب افغانستان ہم سے specifically چاہے گا کہ ہم یہ کام کریں۔ اس دوران ہم باقی تعلقات کو continue کر رہے ہیں، ان میں economic, connectivity اور دوسری چیزیں بھی ہیں۔ ہمارا ابھی delegation گیا تھا اور Afghan refugees کے حوالے سے بھی بات چیت ہو رہی ہے، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ کوئی غلط فہمی پیدا نہ ہو۔ چھبیس ستمبر کو نیویارک میں ایک meeting ہو گی جو China, America and Afghanistan sponsor کر رہے ہیں، ویسے تو وہ reconstruction and regional cooperation پر ہو گی لیکن اس میں افغانستان کا overall مسئلہ بھی سامنے آئے گا اور مزید بات چیت ہو گی۔ ہماری یہی کوشش ہے کہ ہم افغانستان میں امن کے لیے پورے خلوص کے ساتھ تیاری کریں اور پوری طرح کریں، اس میں یہ تاثر کہ ہم کچھ کر رہے ہیں اور باقی لوگ کچھ اور کر رہے ہیں، میرے خیال میں یہ صحیح نہیں ہے، اس وقت سب اسی کوشش میں ہیں کہ کسی طرح افغانستان میں امن آئے۔ یہ بات مجموعی طور پر تسلی بخش ہے کہ وہاں کوئی زیادہ ground reality change نہیں ہوئی، یعنی کوئی زیادہ territory lose نہیں ہوئی، جانیں ضرور ضائع ہوئی ہیں اور یہی ضمانت ہے کہ انہیں وہاں زیادہ advantage نہ ملے تو بات چیت کامیاب ہو گی، اگر انہیں ground پر کامیابی ہوئی تو پھر ممکن ہے کہ talks زیادہ کامیاب نہ ہوں۔

جناب چیئرمین! اس میں ایک ضروری بات یہ ہے کہ ہم border کی بہتر management کریں، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ زیادہ crossing points ہوں، biometrics ہوں، آنا جانا آسان ہو کیونکہ اس وقت وہاں drugs and timber کے smugglers بھی ہیں، مجموعی طور وہاں کے tribes کا ان کے ساتھ nexus ہے اور کھلا border ہے، اس کی وجہ سے بھی بعض لوگ ان کے ساتھ آ جاتے ہیں۔ پاکستان اور افغانستان کے border میں امن لانا اور border management بہت اہم ضرورت ہے اور ہم انشاء اللہ اس پر کام کرتے رہیں گے۔ میں نے جیسے کہا کہ سینیٹ میں آج بہت اچھی تجاویز آئی ہیں امید ہے کہ ان کی رہنمائی میں ہم وہاں جو موقف پیش کریں گے اور بات چیت کریں گے، اس میں مزید تقویت بھی آئے گی اور قوم کے خیالات کی صحیح طریقے سے نمائندگی بھی ہو گی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی قائد حزب اختلاف۔

سینیٹر اعتزاز احسن: جناب چیئرمین! محترم مشیر صاحب نے بڑی ہی روایتی سی تقریر کر دی ہے، یہ تو Foreign Office میں لکھی گئی باتیں ہیں۔ ہم تو سمجھتے تھے کہ کوئی نئی بات، کوئی نیا vision, افغانستان سے تعلقات کیوں ٹوٹے اور خراب ہوئے، اس کا انہوں نے کوئی ذکر نہیں کیا، اس ایوان کو اعتماد میں نہیں لیا۔ مشرف نے جو الزامات لگائے ہیں، انہوں نے اس پر اعتماد میں نہیں لیا، کیا یہ Indian media کو monitor کر رہے ہیں یا نہیں کر رہے، اس بارے میں اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ انہوں نے Foreign Office کا وہی brief جو آج سے چھ مہینے پہلے کا تھا اور میرے خیال میں اگر آپ چھ مہینے پہلے بھی بولتے تو اسی طرح فرماتے۔ جو issues arise ہوئے ہیں، افغانستان کے ساتھ جو trade deal ختم ہوئی ہے، اس کے بارے میں اور حال میں جو معاملات اٹھے ہیں، Ufa میں کشمیر کا لفظ نہ آنے کی ذِمہ داری کیا انہوں نے کسی پر ڈالی ہے، کوئی internal audit کیا ہے، کوئی accountability کی ہے، Foreign Office میں کوئی fresh thoughts آئی ہیں یا یہ bureaucratic کام اسی طرح چل رہا ہے؟

Sir, I am sorry, this is a most disappointing briefing and we make a token walk out on this.

(On this stage the Opposition walked out from the House)

جناب چیئرمین: وزیر صاحب جو two or three questions that have been raised.

جناب سرتاج عزیز: جی دو تین points کی بات انہوں نے کی ہے۔ پہلے تو trade deal کوئی نہیں ٹوٹی۔ پتا نہیں یہ کس trade deal کا ذکر کر رہے ہیں کہ trade deal ٹوٹ گئی۔ ہمارے transit trade agreements ویسے ہی ہو رہے ہیں۔ ان کے Finance Minister November میں آئیں گے to review all the elements کہ آیا ان کی implementation ٹھیک ہے یا نہیں ہے۔ I am not aware of any treaty.

اس کے بعد دوسری چیز ہے کہ انڈین ٹی وی کیا کہتا ہے۔ میں خود اس کو ہر شام monitor کرتا ہوں۔ ظاہر ہے وہ تو کہیں گے کہ پاکستان نے شروع کیا اور ہم کہیں گے کہ انڈیا نے شروع کیا۔ اسی

لیے ہم نے یو این کو لکھا ہے وہاں پر انڈیا، پاکستان کے لیے UN group ہے اس کو اجازت ملنی چاہیے کہ وہ دونوں طرف سے monitor کرے۔

(اس مرحلہ پر اپوزیشن ہاؤس میں واپس آ گئی)

جناب سرتاج عزیز: انڈین ٹی وی کا کہنا غیر متوقع نہیں ہے۔ بغیر دیکھے بھی ہمیں پتا ہے کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں لیکن میں خود گھنٹہ ڈیڑھ ہر شام اس کو monitor کرتا ہوں ۔

اسی طرح جو مشرف صاحب کارگل کے بارے میں کہہ رہے ہیں وہ کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ میں نے اپنی کتاب میں جو لکھا ہے کہ انہوں نے اس میں کیا کیا، Kashmir cause کو کتنا irreparable damage کیا وہ بالکل واضح ہے اور اس میں مجھے کوئی نئی بات نظر نہیں آتی کہ میں اس کا جواب دیتا۔

جس بات کے بارے میں، میں نے کہا کہ ہمیں رہنمائی ملی اور اس میں جو انہوں نے شملہ کی بات کی، اس کا میں نے جواب دیا۔ اور non-inclusion of Kashmir is only symbolic and I said that on all outstanding issues پر discussion کے لئے agreement ہوا اور کشمیر کا ذکر نہ ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ پالیسی میں تبدیلی آئی۔ میرا خیال ہے کہ میں نے زیادہ تر سوالات کا جواب دے دیا تھا۔

Mr. Chairman: Right, can I do the Business first. Members cannot walk in and give chits to me. Let the Secretariat be very clear on that.

Yes, Adviser *sahib*, there is a calling attention notice at Agenda Item No.12 of Senator Prof. Sajid Mir sahib. So, Sajid Mir sahib! while you are here we can take that up. Yes, Sajid Mir *sahib*.

Calling Attention Notice Given by Senator Prof. Sajid Mir Regarding the Sit-ins Outside the Pakistan Embassy at Athens

سینیٹر پروفیسر ساجد میر: بہت شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ میں کہنا یہ چاہتا تھا کہ Adviser Sahib کی موجودگی میں اگر آپ اس Item کو لا سکیں۔ آپ نے خود سوچا اور اچھا فیصلہ کیا ہے۔

جناب Overseas Pakistanis ہمارا سرمایہ ہیں اور foreign exchange earning کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب کو اور ہماری embassies and high commissions کو وہ احترام دینا چاہیے اور ان کی قدر کرنی چاہیے جس کے وہ مستحق ہیں لیکن عملی طور پر on ground بعض اوقات ایسا نہیں ہوتا اور جن ملکوں میں یا جن embassies کی طرف سے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی نظر آتی ہے میری نظر میں ان میں ایتھنز میں ہمارا سفارت خانہ اگر سر فہرست نہیں تو ان چند ممالک میں، ان embassies میں سے ہے جہاں کے بارے میں ہمارے وہاں مقیم پاکستانیوں کو بہت سی شکایات ہیں۔ یہ شکایات بالکل تازہ نہیں بلکہ پرانی ہیں۔

مجھے یاد ہے آج سے ایک سال پہلے بھی وہاں کے کچھ Pakistani community leaders وزارت خارجہ کے ذمہ داران کے نوٹس میں لائے تھے کہ ایتھنز میں پاکستانی ایمبیسی میں کرپشن بہت زیادہ ہے اور کوئی کام ہو، passport renewal ہو، passport issue ہو، شناختی کارڈ ہو یا اور کام ہو وہ agents کے ذریعے ہوتا ہے اور agents tout ہیں جو پیسے لیے بغیر اور آگے پہنچائے بغیر اور اپنا حصہ لیے بغیر کام نہیں ہونے دیتے اور نہیں کرنے دیتے لیکن اسی انداز میں اس کو deal کیا گیا اور یہ کہا گیا کہ جی Pakistani community کے بعض لیڈر سیاست کرتے ہیں۔

چیئرمین صاحب! اگر حقوق کے لئے آواز اٹھانا اور عوام اور اپنے ساتھیوں کے حقوق کی لئے کام کرنا یا ان کی شکایات کو present کرنا اگر سیاست ہے تو میں سمجھتا ہوں اس سے بہتر سیاست کوئی نہیں ہو سکتی۔ اگر سیاست جرم ہے تو قائداعظم محمد علی جناح سے لے کر ہم سب مجرم ہیں۔ یہ کہہ دینا کہ یہ سیاست ہے، وہاں لوگ تکلیف میں ہیں، bribe taking ہے، corruption ہے اور موجودہ

احتجاج 24 اگست سے شروع ہے۔ ہر روز وہاں demonstration and sit in ہوتا ہے اور چھٹی کے وقت لوگ فارغ بھی ہوتے ہیں تو ان کی تعداد دو ہزار تک پہنچ جاتی ہے لیکن ہمارا سفارت خانہ خبروں کو kill کر رہا ہے۔

ہماری ٹی وی ٹیم وہاں گئی اور ایک یورپی ملک سے آئی لیکن سفیر صاحب نے اس کو اندر بلا کر ان سے کوئی بات چیت کی تو انہوں نے coverage نہیں کی، ذرہ برابر اس کی coverage نہیں کی۔ میرے پاس فوٹو موجود ہیں اور میں گفتگو کے بعد پیش کرنا چاہوں گا اور ریکارڈ کا حصہ بنانا چاہوں گا Adviser Sahib چاہیں تو ایک نظر دیکھ بھی سکتے ہیں، جو demonstrations کی تصاویر ہیں۔ وہاں روزانہ احتجاج ہو رہا ہے اور اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ community leader نے جا کر بات کرنی چاہی تو ان کو actually دھکے مارے گئے، سفارت خانے والوں نے دھکے دے کر نکالا کہ تم یہ کیا تماشا لگا رہے ہو۔ ہم نے جو کرنا ہے وہ کریں گے اور کرتے رہیں گے۔

میں چاہتا ہوں کہ روایتی بات کرنے کی بجائے صاف الفاظ میں یا تو یقینی دہانی کرا دیں، ان کی مہربانی ہے کہ اس کی proper enquiry ہو گی کہ وہاں معاملات کیسے چل رہے ہیں۔ تھوڑی بہت خرابی ہو تو قابل برداشت ہوتی ہے اور ہماری لیبر کلاس تو ان خرابیوں سے گزرتی رہتی ہے لیکن جب وہ حد سے بڑھ جائے تو وہ ناقابل برداشت ہوتی ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس کی proper enquiry ہونی چاہیے، ذمہ دار لوگوں کو سزا ملنی چاہیے اور پہلے step کے طور پر سفیر کو واپس بلانا چاہیے، وہ اگر خود ملوث نہیں ہیں تو وہ اپنے سٹاف کو cover ضرور کر رہے ہیں اور اس demonstration کی طرف ذرہ برابر توجہ دینے کی لیے تیار نہیں ہیں۔

اگر وزارت خارجہ میں مشیر صاحب یا ان کے ساتھیوں کے بھی رویے یہی ہوں کہ ٹھیک ہے جی! کرتے رہیں، کتنے دن کریں گے آخر بیٹھ جائیں گے یا کہیں کہ جی! یہ ایسے ہی چند لوگوں نے ان کو بھڑکایا ہوا ہے۔ یہ کوئی جواب نہیں ہو گا۔ یہ ایک دیرینہ مسئلہ سلگ رہا ہے۔ سال پہلے تو ان کے نوٹس میں آیا اس سے پہلے کا ہے اور اب یہ لاوا پھٹنے کو ہے اور اس کا مظہر یہی روزانہ کی demonstration ہے اور لوگ اپنے کام چھوڑ کر آتے ہیں جن میں بچے، عورتیں، بوڑھے اور بڑے ہوتے ہیں جو سب مل کر demonstration کر رہے ہیں۔ براہ مہربانی اس کی طرف توجہ

proper دی جائے، اس کی proper enquiry کی جائے، ذمہ دار حضرات کو تبدیل کیا جائے، سزا دی جائے اور رشوت ستانی کے دروازوں کو بند کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی. Adviser on Foreign Affairs

جناب سرتاج عزیز: جناب چیئرمین! جہاں تک انکوائری کا تعلق ہے اس کے لئے ہم تیار ہیں۔ ہم وہاں دو بندوں کی ٹیم بھیجیں گے جو وہاں سب لوگوں سے پوچھ کر دیکھے گی۔ ہم نے as a matter of policy پوری کوشش کی ہے کہ وہاں تمام services بہتر ہوں، computerized نظام ہو، physical facilities بہتر کی جائیں۔ جہاں کی شکایت آئی ہے مجموعی طور پر وہاں counter کی services میں کافی بہتری آئی ہے لیکن بعض جگہوں پر جیسے ایتھنز میں ہے مختلف communities میں local rivalries کی وجہ سے خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔

اب وہاں پر جو گروپ اس وقت ہے یہ سب کچھ کر رہا ہے اس کے مقابلے میں دوسرے گروپ کی طرف سے یہ ایک written میں آیا ہے کہ عرصہ دراز سے یونان میں پاکستانی برادری مقیم ہے اور ہمیشہ سے سفارت خانہ پاکستان کی طرف سے بھرپور تعاون کیا جارہا ہے۔ سفارت خانہ پاکستان اور پاکستانی برادری کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ برادری کو جب بھی مشکل کا سامنا ہو تو سفارت خانے نے نہ صرف تعاون کا یقین دلایا بلکہ تعاون کیا گیا جس پر پوری پاکستانی برادری سفارت خانے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

"جناب سفیر پاکستان! برادری کو ایک بار پھر مشکل درپیش ہے۔ پاکستان کے تقدس کو پامال کیا جارہا ہے۔ برادری کو تقسیم کرنے کا درس دیا جارہا ہے۔ گلیوں اور سڑکوں پر دس پاکستانی، جاوید اسلم راہی اور ملک عبدالمجید کی قیادت میں انتشار پھیلا رہے ہیں۔ یونان میں جمہوریت کے حق کا ناجائز استعمال کیا جارہا ہے۔ یہاں احتجاج وغیرہ کو جمہوری حق سمجھا جاتا ہے جس کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ایتھنز کے پوش علاقے میں نو دن سے روزانہ کی بنیاد پر دس لوگ احتجاج کر رہے ہیں جس سے ہمارے ملک کی بدنامی ہو رہی ہے۔ بدقسمتی کی انتہا ہے کہ ایک شخص جاوید اسلم جو Government of Pakistan and Interpol کو مطلوب ہے اور 2006 سے red warrant یافتہ یہ شخص منی لانڈرنگ، اغوا برائے تاوان میں مطلوب ہے۔ جس کی وجہ سے اس شخص کا red warrent

بھی جاری کیا گیا ہے لیکن یونان میں مقیم برادری کی بد قسمتی کہ اس وقت سپریم کورٹ یونان نے پاکستان کے خلاف بولنے کی اجازت دے دی ہے۔ 2006 سے آج تک یہ شخص پوری برادری کو تقسیم کر رہا ہے۔ ہم آپ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ شخص انٹرپول کے ذریعے جلد از جلد پاکستان کے حوالے کیا جائے تاکہ ہمیں اطمینان ہو"۔ اس پر وہاں کے پندرہ بیس اکابرین نے دستخط کیے ہیں۔

مجموعی طور پر جو ان کی آپس کی rivalry ہے اس وجہ سے یہ ہو رہا ہے لیکن جہاں تک شکائتیں ہیں کہ وہاں کوئی رشوت لے رہا ہے یا document certify کرنے میں ہمیں کوئی مشکلات ہیں تو concrete evidence بھی ملنی چاہیے کہ کس نے کیا کیا لیکن اس کے باوجود ہم وہاں پر انکوائری ٹیم بھیجنے کو تیار ہیں اور دونوں side کے لوگوں سے انٹرویو کر کے، حقائق معلوم کر کے رپورٹ آپ کو پیش کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے آپ انکوائری ٹیم بھجوادیں اور پھر اس کی رپورٹ ہاؤس میں lay کر دیں۔

جناب سرتاج عزیز: جی ضرور۔

Mr. Chairman: We now move on to agenda Item No. 4. I am taking up the agenda Items. We are now taking up agenda Item No. 4. Agenda Item No. 4 is in the name of Senator Taj Muhammad Afridi, Senator Taj Muhammad Afridi, Senator Taj Muhammad Afridi. He is not present, the calling attention notice is disposed of. We now take up agenda Item No. 5. Agenda Item No. 5 stands in the name of Muhammad Javed Abbasi, Chairman, Standing Committee on Law, Justice and Human Rights, may move Item No. 5.

Motion for Condonation of Delay in Presentation of Report on the Bill Further to Amend the Federal Judicial Academy Act, 1997 [The Federal Judicial Academy (Amendment) Bill, 2014]

Senator Muhammad Javed Abbasi: Bismillah-ir-Rahman-ir-Raheem. I, Chairman, Standing Committee on

Law, Justice and Human Rights move that under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, the delay in presentation of report of the Committee on the Bill further to amend the Federal Judicial Academy Act, 1997 [The Federal Judicial Academy (Amendment) Bill, 2014], introduced on 23rd April, 2014, be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved that under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, the delay in presentation of report of the Committee on the Bill further to amend the Federal Judicial Academy Act, 1997 [The Federal Judicial Academy (Amendment) Bill, 2014], introduced on 23rd April, 2014, be condoned till today.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: We now move on to agenda Item No. 6. Agenda Item No. 6 stands in the name of Senator Muhammad Javed Abbasi, Chairman, Standing Committee on Law, Justice and Human Rights, may move Item No. 6.

Presentation of Report on the Bill Further to Amend the Federal Judicial Academy Act, 1997 [The Federal Judicial Academy (Amendment) Bill, 2014]

Senator Muhammad Javed Abbasi: I, Chairman, Standing Committee on Law, Justice and Human Rights, present report of the Committee on the Bill further to amend the Federal Judicial Academy Act, 1997 [The Federal Judicial Academy (Amendment) Bill, 2014].

Mr. Chairman: The report stands laid. We now move on to agenda Item No. 7. Agenda Item No. 7 stands in the name of Senator Muhammad Javed Abbasi,

Chairman, Standing Committee on Law, Justice and Human Rights, may move Item No. 7.

Motion for Condonation of Delay in Presentation of Report on the Bill Further to Amend the Representation of the People Act, 1976 and the Electoral Rolls Act, 1974 [The Electoral Laws (Amendment) Bill, 2013]

Senator Muhammad Javed Abbasi: I, Chairman, Standing Committee on Law, Justice and Human Rights move that under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, the delay in presentation of report of the Committee on the Bill further to amend the Representation of the People Act, 1976 and the Electoral Rolls Act, 1974 [The Electoral Laws (Amendment) Bill, 2013], introduced on 29th August, 2013, be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved that under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, the delay in presentation of report of the Committee on the Bill further to amend the Representation of the People Act, 1976 and the Electoral Rolls Act, 1974 [The Electoral Laws (Amendment) Bill, 2013], introduced on 29th August, 2013, be condoned till today.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: We now move on to agenda Item No. 8. Agenda Item No. 8 stands in the name of Senator Muhammad Javed Abbasi, Chairman, Standing Committee on Law, Justice and Human Rights, may move Item No. 8.

Senator Muhammad Javed Abbasi: I, Chairman, Standing Committee on Law, Justice and Human Rights

present report of the Committee on the Bill further to amend the Representation of the People Act, 1976 and the Electoral Rolls Act, 1974 [The Electoral Laws (Amendment) Bill, 2013].

جناب چیئرمین! اگر آپ اجازت دیں تو اس پر دو منٹ بات کر لوں۔

جناب چیئرمین: جی بولیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: جناب! یہ بل لایا گیا تھا کہ Overseas Pakistanis کو ووٹ دینے کا حق دیا جائے۔

جناب چیئرمین: ایک منٹ، the report stands laid. اب آپ بات کریں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: جناب! سپریم کورٹ میں hearing تھی، hearing کے دوران الیکشن کمیشن والوں نے اس وقت شاید کسی دباؤ میں آکر کہہ دیا ہو، پھر اس میں بہت سی meetings ہوئی ہیں، ہم نے کچھ experts کو بلایا ہے، کمیٹی کے members کو سنا گیا ہے۔ پھر الیکشن کمیشن والے آئے تھے، انہوں نے کہا کہ جناب! ہم نے ایک working group بنایا ہوا ہے جو اس پر دیکھے گا کہ کون سا mechanism adopt کریں گے۔ پھر انہوں نے اپنی رپورٹ دی، انہوں نے کہا ہے کہ اس وقت ہمارے لیے بہت مشکل ہے کہ ہم Overseas Pakistanis کو direct یا internet vote کی اجازت دے سکیں۔ لہٰذا ہم یہ کر سکتے ہیں کہ ہم یہ consider کر سکتے ہیں کہ ہم ballot paper کے ذریعے شاید انہیں ووٹ دینے کا حق دیں لیکن اس کے لیے بھی انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں نئی legislation کی شاید ضرورت ہو، ہم نے وزارت قانون کا opinion بھی اس رپورٹ میں لگایا ہوا ہے۔ وزارت نے یہ propose کیا ہے کہ یہ Bill ہم واپس لے لیتے ہیں یا حکومت کو کہتے ہیں کہ واپس لے لیں اور نیا Bill لے کر آئیں گے جس میں نیا mechanism adopt کریں گے کہ کیا mechanism ہونا چاہیے کیونکہ اب تو الیکشن کمیشن والوں نے کہہ دیا ہے کہ direct internet کے ذریعے تو ہمارے لیے ممکن نہیں ہے۔ اس لیے اب انہوں نے کہا ہے کہ حکومت یہ Bill واپس لے گی اور نیا Bill آئے گا تو اس کے لیے ہم نے رپورٹ یہاں سینیٹ میں پیش کی ہے۔

Mr. Chairman: Thank you. We now move on to agenda Item No. 9. Agenda Item No. 9 stands in the name of Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, may move Item No. 9.

Presentation of Report on the Breach of the Privilege of House Due to the Non-presence of the Seniors Officers (Officers in BPS-20 and above) of the Ministry of Petroleum and Natural Resources in the Official Gallery of the Senate on 3rd August, 2015

Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini: Thank you sir. I humbly present the report of the Committee on breach of the privilege of the House due to the non-presence of Seniors Officers (Officers in BPS-20 and above) of the Ministry of Petroleum and Natural Resources in the Official Gallery of the Senate on 3rd August, 2015, during the discussion on a motion under rule 218.

Mr. Chairman: The report stands laid.

ملک صاحب!آپ Cameramen کی بات کرنا چاہ رہے ہیں،آپ وہی بات کرنا چاہ رہے ہیں نا؟

Senator Abdul Rehman Malik: Thank you Mr. Chairman for allowing me to speak.

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں،اس پر آپ بات کریں۔

Senator Abdul Rehman Malik: Yes sir, I would like to speak on this.

جب میں آرہا تھا تو Cameramen کی association والے مجھ سے ملے تھے،وہ کہہ رہے تھے کہ ہمارا اتنا بھاری equipment ہوتا ہے کہ ہم main gate سے سامنے تک نہیں لا سکتے، ہمیں کم از کم یہ اجازت دی جائے کہ ہماری گاڑیاں اگر equipment کو اتار کر واپس جائیں۔

I think this is a genuine request, if you can kindly consider it sir.

Mr. Chairman: Malik *sahib*, I would love to consider it

لیکن مسئلہ یہ ہے کہ پرسوں بھی میں نے ایوان میں یہ عرض کیا تھا کہ اس گیٹ کو بند کرنا اس سلسلے میں سینیٹ سیکرٹریٹ کو اور مجھے confidence میں نہیں لیا گیا۔ میں بھی پرسوں جب آرہا تھا تو مجھے ادھر کیبنٹ سیکرٹریٹ کی طرف divert کر دیا گیا اور میں نے سمجھا کہ شاید کوئی جلوس ہے یا کوئی کچھ اور ہے main gate پر تو اس لیے یہاں سے بھیجا گیا لیکن جب یہاں پر آئے تو پتا چلا کہ وہ سلسلہ کچھ اور ہے۔

یہ سارے کا سارا سلسلہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کنٹرول کر رہی ہے۔ آپ کے توسط سے اور میڈیا کے توسط سے بھی میں ان سے یہی درخواست کروں گا کہ وہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے رابطہ کریں یا Acting Speaker سے رابطہ کریں اور ان سے کہیں۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: جناب چیئرمین! مجھے آپ authorize کر دیں۔ I have to take up this matter and I am also Chairman of the Standing Committee on Interior. Let me see if the some security…..

Mr. Chairman: If you can solve the issue, please do and we will be too happy.

Senator Abdul Rehman Malik: I will do that sir, but one point I must agitate here while the Foreign Minister……

Mr. Chairman: No, no, not now. Malik *sahib*, I am going back to the agenda. We now move on to agenda Item No. 10. Agenda Item No. 10 stands in the name of Senator Syed Muzafar Hussain Shah *sahib*.

Motion Regarding Grant of Extension in Time for Presentation of Report of the Special Committee on the Issue of Lapse of Foreign Scholarships

Senator Syed Muzafar Hussain Shah: Sir, as the Convener of the Special Committee on the issue of the lapse of foreign scholarships put by various countries to

the students of Pakistan, I move that under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, the time for presentation of the report of the Special Committee on the said issue as referred to by the Chairman Senate, for consideration and report within two months, be extended for a period of 30 days with effect from 19th September, 2015, as more time is needed for presentation of the report to the House as the various Ministries of the Federal Government dealing with the grant of scholarships have not yet been able to compile the list of communications for the same as yet sir.

Mr. Chairman: it has been moved that under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, the time for presentation of the report of the Special Committee on the said issue as referred by the Chairman Senate, for consideration and report within two months, be extended for a period of 30 working days with effect from 19th September, 2015, as more time is needed for presentation of report to the House as the various Ministries of the Federal Government dealing with the grant of scholarships have not yet been able to compile the list of communications for the same as yet.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: We now move on to agenda Item No.11, periodical reports by Ministers on matters referred by the House. We now take up the first report which is report by the Minister for Railways regarding the following recommendations made by the Standing Committee on Railways. Yes Minister *sahib*.

Periodical Reports by the Minister on Matters Referred by the House Regarding Recommendations Made by the Standing Committee on Railways

خواجہ سعد رفیق: شکریہ جناب چیئرمین! میں اس رپورٹ پر عملدرآمد پر بات کرنے کے آغاز میں یہ ضرور کروں گا کہ یہ ایک نہایت اچھا طریقہ ہے جسے adopt کیا گیا۔ اس سے جوابدہی کا نظام موجود رہتا ہے اور محکموں کو اور وزرا کو اس بات کا احساس بھی ہوتا ہے کہ انہیں اس منتخب ہاؤس میں آکر یہ بتانا ہے کہ جو کچھ ہوا ہے اس پر کیا عملدرآمد ہوا ہے۔ میں اس کو بطور سیاسی ورکر appreciate کرتا ہوں۔

جناب والا! یہ جو سلالہ پل کا حادثہ ہوا جس میں سترہ قیمتی جانیں ضائع ہوئیں، بنیادی طور اس پر ایک joint inquiry committee بنی تھی جو پاکستان ریلوے کے انجینیئرز اور پاکستان آرمی کے انجینیئرز پر مشتمل تھی اور انہوں نے ایک رپورٹ submit کی تھی۔ اس میں اس حادثے کی بنیادی وجہ over speeding کو قرار دیا گیا تھا جس کی وجہ سے derailment ہوئی تقریباً پل سے 920 فٹ پہلے جب ڈرائیور نے بریک apply کی چونکہ سپیڈ زیادہ تیز تھی چنانچہ ٹرین کینال میں گر گئی جس میں 11000 کیوسک پانی بہہ رہا تھا اور اس کے نتیجے میں یہ نقصان ہوا۔ آٹھ recommendations بنیادی طور پر کی گئی ہیں، ابھی میں نے دیکھا اس میں چار recommendations کا ذکر ہے لیکن دراصل آٹھ recommendations ہیں جو joint committee نے کی تھیں۔ اس میں سے پہلی recommendation ملٹری ٹرین کی SOP کے بارے میں ہے، یہ بات حیران کن ہے کہ سلالہ پل کے حادثے کے بعد اس بات کا اندازہ ہوا، جب ہم اس کی گہرائی میں گئے کہ ملٹری سپیشل ٹرین کو مال گاڑی کے طور پر treat کیا جاتا تھا اور یہ SOP انگریز کے دور سے چلی آرہی تھی اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی تھی۔ بنیادی کام یہ تھا کہ اس کی SOP تبدیل کی جائے، سچی بات ہے کہ recommendations کے آنے سے پہلے ہی ہم نے اس پر کام شروع کر دیا تھا اور پاکستان آرمی اور پاکستان ریلوے کے لوگ آپس میں مسلسل رابطے میں ہیں اور بہت جلدی ایک نئی SOP بن جائے گی جس کے تحت deficiencies کو دور کر دیا جائے گا۔

دوسری اہم recommendation یہ تھی کہ ایک contact ٹرین ڈرائیور کا، کنٹرول آفس کا، سٹیشن کا اور گارڈ کا آپس میں اس کو زیادہ effective بنایا جائے۔ اس کے لیے VHF system یعنی very high frequency کا جو نظام ہے وہ ہم نے اپنے سٹاف کو provide کر دیا ہے۔ اسٹیشن ماسٹر، ڈرائیور، گارڈ اور کنٹرول آفس کو یہ سسٹم provide کر دیا ہے تاکہ آئندہ جو communication کا کبھی کبھار lack آتا ہے وہ دوبارہ نہ ہونے پائے۔

اس کے بعد ایک اور recommendation ٹریننگ کے بارے میں تھی جو جدید کورسز ہیں ان کو متعارف کروانے کے بارے میں، ریلوے ایکسیڈنٹ کی investigation کے حوالے سے بھی اور اگر ایکسیڈنٹ ہو جائے تو اس پر فوری طور پر کیسے react کرنا ہے۔ اس کے لیے والٹن کی جو ٹریننگ اکیڈمی ہے اس کے ڈی جی اپنا کام کر رہے ہیں اور انشاء اللہ ہم نئے کورسز کو متعارف کروادیں گے۔ اس پر دو recommendations تھیں۔

اس کے علاوہ ایک recommendation تھی کہ جو خالی اسامیاں ہیں ان کو پر کیا جائے۔ جناب والا! ہماری تو سترہ ہزار سے زیادہ آسامیاں خالی ہیں، ان سب کو تو ہم پر نہیں کر پائیں گے البتہ جو ہماری essential اسامیاں ہیں ان کو ہم پر کر رہے ہیں اور ہمیں بڑی acute shortage ڈرائیوروں کی اور ڈپلومہ انجینیئرز کی اسی طرح اور کیٹیگرز میں بھی ہمیں کمی کا سامنا ہے۔ گارڈز کی کیٹیگری میں بھی ہم دقت محسوس کر رہے ہیں تو 1470 لوگوں کی recruitment کا عمل این ٹی ایس کے ذریعے شفاف انداز میں جاری ہے اور وہ انشاء اللہ تعالیٰ جلد مکمل ہو جائے گا۔ ڈرائیورز کا ہمارے ساتھ مسئلہ رہتا ہے کیونکہ جو assistant driver آئے گا وہ ڈیڑھ سال بعد سسٹم میں جائے گا اور تقریباً 118 ٹرین ڈرائیور ریٹائرڈ ہوئے ہیں، ان کی صحت چیک کر کے سارے تقاضے پورے کر کے انہیں ہم کنٹریکٹ پر رکھیں گے جو stop gap arrangement کے طور پر ہو گا۔

اس کے بعد دو اور recommendations تھیں ۔ ایک تو ہمارے locomotives ہیں جن کی تعداد 21 ہے، یہ پینتالیس سال پرانے ہیں ایک مرتبہ rehabilitate بھی ہو چکے ہیں ان کی life دو سے تین سال ابھی باقی ہے۔ ہمیں کہا گیا تھا کہ اس کو re-examine کریں کہ انہیں استعمال میں رکھا جانا چاہیے یا نہیں۔ وہ process ہم شروع کر چکے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ اگلے ایک سال میں ہم اسے مکمل کر لیں گے۔

اس کے بعد recommendation یہ تھی کہ جو سو سال سے پرانے پل ہیں انہیں reevaluate کر لیں۔ جناب چیئرمین! پاکستان ریلوے کے چودہ ہزار کے قریب پل ہیں جن میں سے جو major bridges ہیں ان کی تعداد 532 ہے، جو ساٹھ فٹ wide ہوتا ہے اسے ہم major bridge count کرتے ہیں۔ ایک تو SOP کو ہم follow کرتے ہیں اور سال میں دو تین بار ہر پل کو different scales کے ساتھ examine کیا جاتا ہے لیکن ML-1 کو چائینیز کے سپرد کیا ہے اور اس کے سارے پل نہ صرف چیک ہوں گے بلکہ revamp بھی ہو جائیں گے اور ان کو improve بھی کر دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ جو major bridges ہیں ان پر بھی کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس کو recheck and reexamine کرنے لیے ایک SOP بنانے کی ضرورت تھی اس پر بھی ہم کام کر رہے ہیں۔

آخری بات یہ ہے کہ .financial compensations جناب چیئرمین! حادثے میں جو لوگ جاں بحق ہوتے تھے ان کے لیے دو لاکھ روپے تھے اور جو شدید زخمی ہوتا تھا ان کے لیے ایک لاکھ روپے تھا۔ ہم نے کچھ عرصہ پہلے پوسٹل لائف انشورنس کے ساتھ ایک معاہدہ کر لیا تھا، ہمارا ہر مسافر insured ہوتا ہے اور ہمارا running staff بھی insured ہوتا ہے۔ اس حوالے سے آٹھ لاکھ روپے متوفی کو اور زخمی کو ایک سے تین لاکھ روپے injury کے مطابق pay کیے جاتے ہیں وہ payment ہو چکی ہے سوائے چار لوگوں کے جن کے succession certificates ملنے والے ہیں بالکل کام مکمل ہو چکا ہے۔

Mr. Chairman: Thank you, the matter is disposed of. We now take up the second report by the Minister of Climate Change regarding the geological changes in Gilgit and Hunza with particular reference to Miachir Mountain which is sliding downwards. The matter was raised by Senator Muhammad Talha Mehmood, on 7th July, 2015. Yes Minister incharge Climate Change.

شیخ آفتاب احمد: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ یہ issue اور اس سے اگلا جو issue ہے اس کا climate change کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ کیس ہم نے

Meteorological Department کو transfer کر دیے ہیں، یہ انہوں نے رپورٹ بھجوانی ہے اور جو رپورٹ آئے گی اس کو submit کر دیا جائے گا۔

جناب چیئرمین: نہیں وہ رپورٹ کس کو آئے گی۔

شیخ آفتاب احمد: ہم نے انہیں کہا ہے کہ ہمیں آپ یہ رپورٹ بھجوا دیں۔

جناب چیئرمین: انہوں نے ابھی تک آپ کو رپورٹ کیوں نہیں بھجوائی۔

شیخ آفتاب احمد: آپ کو پتا ہے کہ ان کے منسٹر نہیں ہیں، مشاہد اللہ صاحب اس کے منسٹر تھے، یہ میرا تو subject نہیں ہے آج ہی میرے پاس فائل آئی ہے، جس میں انہوں نے لکھا ہے اور میں ان سے پتا کر والوں گا کہ کیوں رپورٹ نہیں بھیجی گئی۔

جناب چیئرمین: اگلے سیشن میں۔

شیخ آفتاب احمد: بالکل جناب، اس سے اگلی رپورٹ کامرس کی ہے۔

جناب چیئرمین: وہ سینیٹر چوہدری تنویر صاحب نے گیارہ اگست 2015 کو یہ بات اٹھائی تھی۔

شیخ آفتاب احمد: جناب والا! کامرس کے وزیر بھی نہیں ہیں، میری request ہے کہ ان کے سوالات کے جوابات تو میں نے دے دیے تھے، میری request ہے کہ اس کو بھی اگلے سیشن تک ملتوی کیا جائے۔

جناب چیئرمین: نہیں کامرس کے وزیر ہیں کہاں پر؟

شیخ آفتاب احمد: وہ تو out of country ہیں۔

Mr. Chairman: Has he informed the Secretariat? Yes Minister Sahib.

شیخ آفتاب احمد: دن کو آٹھ منسٹریوں کے سوالات تو میں نے نمٹا دیے ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں میں آپ سے نہیں کہہ رہا، this has been going on for the last two sessions....

شیخ آفتاب احمد: جناب والا! میری گزارش یہ ہے کہ اگر یہ رپورٹ میرے پاس آتی تو میں پڑھ دیتا یہ کوئی مشکل بات تو نہیں ہے۔ رپورٹ تو صرف پڑھنی ہوتی ہے۔ پہلے کے متعلق تو میں نے گزارش کر دی ہے کہ وہ other department کو ہم نے transfer کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کے پاس رپورٹ ہی نہیں آئی،

ask the Privileges Committee to send a notice to the Secretary Commerce that why he did not send the report to Minister who was looking after the business. Now we move on to the last Item which is discussion on the adjournment motion moved by Senator Javed Abbasi on 7th of August 2015, regarding the status and steps taken by the Government for the construction and rehabilitation of the 2005 earthquake affected areas. Yes Abbasi Sahib.

Discussion on the Adjournment Motion Moved by Senator Muhammad Javaid Abbasi Regarding the Steps Taken by the Government for the Rehabilitation of 2005 Earthquake Affectees

سینیٹر محمد جاوید عباسی: شکریہ جناب چیئرمین! کہ آپ نے مجھے اس adjournment motion پر بات کرنے کی اجازت دی اور اس سے بھی زیادہ شکریہ کہ اس وقت آپ نے اس کو accept کیا۔ جناب چیئرمین! ایک قیامت خیز زلزلہ 8 اکتوبر 2005 کو آیا تھا۔ بالعموم پورے پاکستان میں اس زلزلے سے بڑے نقصانات ہوئے لیکن بالخصوص ہزارہ ڈویژن، مظفر آباد اور آزاد کشمیر کے کچھ علاقے ہیں وہاں پر بہت زیادہ deaths ہوئی تھیں، اس میں ایک لاکھ سے زیادہ لوگ صفحہ ہستی سے مٹ گئے تھے، اس دنیا فانی سے کوچ کر گئے تھے۔ اس میں 138000 لوگ زخمی ہوئے تھے اور پنتیس لاکھ فیملیاں affect ہوئی تھیں اور انیس ہزار کے قریب بچوں کی اموات ہوئی تھیں جو سکولوں میں گئے ہوئے تھے ان کی اموات ہوئی تھیں۔ اس میں 780000 کے قریب بلڈنگز پوری طرح ختم ہو گئی تھیں یا partially ختم ہو گئی تھیں۔ جناب چیئرمین! یہ تو قدرت کی طرف سے ایک آزمائش بھی اور ایک بڑی قیامت گزری ہے ان خاندانوں پر اور ان علاقوں پر جو آج بھی اس انتظار میں ہیں۔ اس وقت 2005 میں جناب چیئرمین! جب یہ زلزلہ آیا اس وقت نہ صرف پورے پاکستان کی قوم ان کے ساتھ کھڑی ہوئی تھی بلکہ ساری دنیا ان کی مدد کے لیے نکلی تھی۔ بہت بڑے بڑے

donors آئے، دنیا کے بڑے بڑے ممالک آئے اور اس کے نتیجے میں دو ادارے بنائے گئے تھے ERRA and PERRA کے نام سے۔ ERRA نے وفاقی سطح پر کام کرنا تھا اور دوسرا PERRA نے صوبائی سطح پر کام کرنا تھا اور وہاں پر سکول اور ہسپتالوں کی عمارتوں کی مرمت کریں گے۔ اس کے علاوہ جو پانی کے لیے سکیمیں، سڑکیں وغیرہ بنائیں گے اور اس کے علاوہ ان کو جو compensation دی تھی وہ کرنا تھا۔ پھر ان کے لیے بستیاں بنانی تھیں۔ لیکن جناب چیئرمین! آپ یہ سن کر بہت افسردہ ہوں گے کہ آج دس سال گزرنے کے باوجود 70% سے 80% سکول کی عمارتیں اسی طرح ہیں۔ آج اس adjournment motion کو لانے کا میرا مقصد یہ تھا جناب چیئرمین! کہ یہ وہ سارا پہاڑی علاقہ ہے جہاں چھوٹے معصوم بچے جن کی عمریں، چار سال، چھ سال، آٹھ سال، دس سال کی ہیں، ان کے لیے کوئی shelter نہیں ہے۔ وہ آج بھی یا تو کسی درخت کے نیچے یا پھر کھلے آسمان کے نیچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور آپ اندازہ کریں کہ جو بچہ اس وقت پہلی کلاس میں تھا آج وہ دسویں کلاس میں ہے۔ اس حادثے کو دس سال گزر گئے ہیں۔ ان سکولوں کو جن کے بارے میں انہوں نے کہا تھا کہ ہم دو سال میں مکمل کر لیں گے۔ اس سے بھی بڑا ظلم اس ادارے نے یہ کیا کہ کچھ سکول جو partially damaged تھے، انہوں نے contractor کو contracts award کر دیے اور انہوں نے کہا کہ ان کو گرا دیں کیونکہ ہم ERRA strategy کے تحت ان کو نئے سکول بنا کر دیں۔ وہ آج تک نہ بن سکے بلکہ نئے بنانا تو دور کی بات لوگوں نے ان کو پیسے دیے کہ آپ یہ ملبہ اٹھا لیں یہ بھی آپ کا ہے، کم از کم جگہ تو خالی کر دیں تاکہ ہم یہاں پڑھ تو سکیں۔ ہر فورم پر یہ معاملہ بار بار اٹھایا گیا۔ میں جب صوبائی اسمبلی میں تھا، وہاں پر بھی یہ معاملہ کئی مرتبہ اٹھایا گیا۔ ہم ERRA کی meetings میں جاتے رہے ہیں۔ سابقہ حکومتوں سے بھی کہا کہ مہربانی کر کے اس کا کچھ کریں۔ یہ بہت بڑی رقم تھی جو donors دی تھی۔ جناب چیئرمین! دنیا ہمارے بارے میں کیا رائے قائم کرے گی۔ وہ کہے گی یہ اپنے لوگوں کے ساتھ یہ سلوک کرتے ہیں۔ اپنے بچوں کا یہ حال کرتے ہیں۔ پیسا انہوں نے دیا تھا، لگانا ان اداروں نے تھا یعنی ERRA and PERRA نے لیکن یہ [xxxx][†] کے علاوہ کوئی کام نہیں کر سکے۔ وہ جو بستی انہوں نے بسانی تھی اس کے بارے میں شاید یہاں اور لوگ بھی بات کریں گے۔ ہاں اس حکومت کے آنے کے بعد کچھ پیسا تو allocate ضرور انہوں نے کیا ہے

[†] [" Words expunged as ordered by the Chairman"]

لیکن یہ کافی نہیں ہے۔ میری درخواست ہو گی جناب چیئرمین! کہ اس کے لیے کچھ خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ یہ معاملہ کسی ایک فرد کا نہیں، ایک خاندان کا نہیں، آپ دیکھیں کہ جس بچے کے ماں باپ اس دنیا سے چلے گئے ہیں، وہ اکیلا کہاں جائے گا اور کہاں پڑھے گا۔ اگر ایک شخص چلا گیا تو اس کی بیوہ اپنے چار بچوں کو لے کر کہاں جائے گی۔ وہ اپنے بچوں کو کہاں پڑھائے گی۔ جناب والا! جو BHUs تھے، کوئی ایک BHU دوبارہ کام شروع نہیں کر سکا۔ حالانکہ ان اداروں نے کہا تھا ہم نے ان BHUs کو جو تباہ ہو گئے تھے کو دو سال یا تین سال کے اندر reconstruct or rehabilitate کرنا تھا۔ میری آپ سے ہمدردانہ درخواست ہو گی کہ یا تو اس ہاؤس کی کوئی کمیٹی بنائی جائے اور اس معاملے کو اس طرح نہ چھوڑا جائے۔ یہ انسانوں کی زندگی اور خصوصاً ان چھوٹے بچوں کا معاملہ ہے جنہوں نے کل اس قوم کا معمار بننا ہے، کل اس ملک کی باگ ڈور سنبھالنی ہے، کل اس ملک کا parliamentarian بننا ہے۔ پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جن اداروں نے یا ممالک نے پاکستان پر اعتماد کر کے اتنی بڑی funding کی تھی، مجھے یقین ہے کہ اگر آج کوئی حادثہ ہو جائے تو شاید یہ دوبارہ پیسا نہ دیں۔ لوگ اس طرح باہر نہیں نکلیں گے۔ وہ کہیں گے کہ یہ لوگ تو اپنے لوگوں کے لیے آیا ہوا پیسا ان پر خرچ نہیں کر سکے اور اگر آپ ان اداروں کا یعنی ERRA and PERRA کا کوئی خرچہ ہوا ہے، جو انہوں نے گاڑیوں خریدی ہیں، جو ان کے اخراجات ہیں، اگر وہ دیکھ لیں تو جو پیسا انہوں نے لگایا ہے اس سے دگنا پیسا ان کی establishment پر خرچ ہو گیا ہے۔ لہٰذا میری درخواست ہو گی کہ اس کے لیے کوئی ایک خاص کمیٹی بنائی جائے کہ جو بچے دور بیٹھے ہوئے ہیں، جو بالاکوٹ میں ہیں، جو مانسہرہ میں ہیں، جو بٹگرام میں ہیں، وہ مظفر آباد میں ہیں، جو باغ میں ہیں، جن کی آواز سننے والا کوئی نہیں ہے، ان کی آواز سنیں۔ اس کمیٹی میں ان اداروں کو بلائیں اور ان سے پوچھیں اور وہ ہمیں کوئی deadline دے سکیں کہ یہ کام کب مکمل ہو گا۔ اگر نہیں مکمل کر سکتے تو ہمیں صاف صاف بتا دیں تاکہ وہ بچے امید نہ لگائیں کہ یہ سکول اب دوبارہ تعمیر نہیں ہو سکتے تاکہ وہ اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں۔ یہی میری آپ سے درخواست تھی۔

Mr. Chairman: Thank you. The word [xxxx] is expunged. Senator Rehman, do you want to speak on this adjournment motion? Is there anyone else who wants to

speak on this adjournment motion? Yes, Sassui Palijo *sahiba*.

Senator Sassui Palijo

سینیٹر سسی پلیجو: یہ ایک انتہائی اہم چیز ہے۔ میں مختصراً یہ کہوں گی کہ NDMAاور دیگر جو بھی ادارے ہیں جو یہ کام کرتے ہیں۔ کل بھی ہم نے دیکھا کہ وہاں پر زلزلہ آیا ہے اور حکومت ایک حد تک تو manage کر سکتی ہے لیکن بات ہے post disaster managementکی اور rehabilitation processکی۔ اس کا follow up حکومت بھی نہیں کر سکتی اور لوگ حقیقتاً بڑے عذاب میں ہوتے ہیں۔ جہاں تک میرے علم ہے کہ اس سلسلے میں کوئی ٹھوس قانون سازی نہیں ہے۔ میرے خیال میں اگر یہ معاملہ کسی کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے rehabilitation کے حوالے سے تو اسی طرح سے وہ کمیٹی اس چیز کا بھی تعین کرے کہ جو grey areasہیں یا خاص طور پر post disaster management or rehabilitationکے حوالے سے۔ جو ہماری ذمہ داری ہے اور اسی وجہ سے ہم یہاں پر ہیں۔ ہمیں بھی آگے آنا چاہیے۔ اس میں کافی چیزیں scatteredہیں اور جو ادارے ہیں چاہے PDMA or NDMA ہو ان کو خود بھی معلوم نہیں ہے کہ اپنی ذمہ داریوں کا تعین کریں۔ یا جو دوسرے ادارے بنے تھے۔ بہر حال ہم اس حوالے سے ان کے ساتھ ہیں اور یہ ایک بہت بڑا disaster تھا اور ایک قدرتی آفت لوگوں پر نازل ہوئی۔ یہ پورے پاکستان کے لیے دکھ اور تکلیف کا سال تھا جو 2005 میں ہوا اور اس کو اب دس سال ہو چکے ہیں۔ ابھی بھی ہم سنتے ہیں، مختلف کہانیاں سننے میں آتی ہیں کہ وہاں پر اس طرح rehabilitation نہیں ہو سکی جس طرح ہونی چاہیے تھی۔ لوگ وہاں پر دربدر ہیں۔ اس وقت جو بچے تھے وہ اب بڑے ہو چکے ہیں۔ ان کی schooling تباہ ہو چکی ہے۔ ان پر نفسیاتی اثرات ہیں۔ یہ چیز کل کراچی میں ہو سکتی ہے کیونکہ ہم بھی fault line پر ہیں۔ سندھ کی coastal belt بھی fault lineپر ہے۔ یہ کہیں پر بھی آ سکتا۔ میرے خیال میں اس حوالے سے ایک frameworkہونا چاہیے۔ ہمیں ایک outlineبنانی ہو گی ورنہ کوئی بھی حکومت آئے گی اور پھر دوسری حکومت آئے گی اور ہم صرف blame gameمیں پڑ جائیں گے۔ یہ تجویز ہے میری۔

جناب چیئرمین: ترمذی صاحب۔

Senator Lt. Gen (R) Salahuddin Tirmizi

سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) صلاح الدین ترمذی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس اہم موضوع پر بات کرنے کے لئے مجھے دعوت دی۔ سینیٹر جاوید عباسی صاحب نے تفصیلات آپ کے سامنے بیان کیں کہ کتنے لوگ شہید ہوئے اور کتنے زخمی ہوئے، کتنے مکانات گرے، کتنے بچے معذور ہوئے۔ میں ان facts and figures میں دوبارہ نہیں جانا چاہتا لیکن یہ ہمارے علاقے کا المیہ ہے کہ دس سال گزرنے کے بعد سرکاری دفاتر خیموں میں ہیں، بچے درختوں کے نیچے پڑھ رہے ہیں۔ ہسپتال make shift shelters میں ہیں اور کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ پچھلی مرتبہ میں نے آپ کے سامنے صرف بالاکوٹ سٹی کی گزارش کی تھی اور آپ نے مہربانی کی تھی اور اس کو کمیٹی کے سپرد کیا تھا۔ اس دن میں نے دوبارہ یاد دلایا تو آپ نے پھر ہدایات جاری کیں ہیں لیکن یہ صرف بالاکوٹ کا مسئلہ نہیں ہے Balakot was just tip of the iceberg تمام تحصیل بالاکوٹ بری طرح تباہ ہو گئی تھی، تحصیل ایبٹ آباد بری طرح تباہ ہوئی تھی پھر بٹگرام کا ضلع الائی ایک تحصیل ہے جو بری طرح تباہ ہو گئی تھی۔ شانگلہ تک یہ زلزلہ گیا تھا اور مظفر آباد، باغ کے علاقے بھی تباہ ہوئے تھے۔ میں ایرا، پیرا وغیرہ کو موردالزام نہیں ٹھہراتا۔ میں اپنے ان public نمائندوں کو موردالزام ٹھہراتا ہوں جو کہ اس وقت برسراقتدار تھے اور بدقسمتی سے آج بھی ہیں۔ وہ مشرف کے ساتھی تھے ISI کی بنائی ہوئی پارٹی کے وہ عہدیدار تھے۔ پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) توڑ کر ضمیر فروش لوگ اکٹھے کر کے انہوں نے ایک پارٹی بنائی جس پارٹی کو قائداعظم کا پاک نام دیا گیا اور قائداعظم کی فوٹو سے بڑی فوٹو مشرف کی لگا کر اس کے دامن میں بیٹھتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم اس کو دس سال وردی میں صدر منتخب کریں گے۔ میرے پاس مکمل شواہد تو نہیں لیکن یہ شنید تھی کہ اس campaign میں جو دس سال کے لئے دس مرتبہ منتخب کر رہے تھے یہاں سے funds release کیے گئے تھے۔ میری آپ سے یہ بھی درخواست ہے کہ ان funds کا audit کیا جائے۔ اربوں روپے باہر سے آئے، اربوں روپے پاکستانیوں نے دیے، فلاحی تنظیموں نے دیے لیکن وہ کدھر گئے اس کے بارے میں کچھ علم نہیں۔ اس کا بھی آڈٹ کیا جائے کہ باہر سے کتنی رقوم آئی تھیں اور کہاں پر خرچ ہوئیں۔ میں نے یہ بھی سنا ہے کہ ہماری بعض سیاسی حکومتیں آئیں انہوں نے بھی funds divert کیے اپنے حلقہ نیابت کی طرف، سڑکیں بنیں، underpasses بنے اور ترقیاتی کام ہوئے اس پیسے سے جو اقوام عالم نے ان زلزلہ زدگان کی امداد کے لئے بھجوائے تھے۔ اتنی اس کی غلامی کرنے

کے باوجود یہ کچھ نہ کر سکے۔ مشرف نے بڑے مکے لہرا کر کہا تھا کہ we will turn this calamity into opportunity وہ opportunity یہ ہوئی کہ جو حالات عباسی صاحب اور میں نے بیان کیے ہیں۔ مجھے علامہ اقبال کا ایک شعر یاد آ رہا ہے۔

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی
کہ بندگی میں میرا بھلا نہ ہوا

بندگی تو انہوں نے کی، اپنا بھلا تو ہو گیا کہ Cabinet میں posts لے لیں اپنے بچوں کو وزیر مملکت بنا دیا لیکن علاقے کے لئے کچھ نہیں کیا۔ میرا علاقہ بڑا بد قسمت ہے، بد قسمت اس صورت میں ہے کہ ہم لوگ سودے بازی کرتے ہیں، سیاست نہیں کرتے۔ آج کے یہ جو بلدیاتی الیکشن ہوئے ہیں ان کو بھی دیکھیں تو شرمناک قسم کی سودے بازی کی گئی ہے کہ تم میرے بھتیجے کو بناؤ میں تمہارے بھانجے اور بیٹے کو support کروں گا۔ یہ ان لوگوں کا قصور ہے ایرا والوں کا نہیں ہے۔ ابھی تک ایرا rudderless ہے، ایرا کا کوئی چیئرمین نہیں ہے۔ جب ادارے کا سربراہ ہی نہ ہو تو وہ کس طرح کام کرے گا۔ سربراہ کی decision maker کی طرف access ہوتی ہے جو ڈپٹی ہے اس کی وہ access نہیں ہے۔ یہ human tragedy ہے، اتنی بڑی tragedy پاکستان میں ایک علاقے میں کبھی نہیں آئی۔ آج ہمارے ساتھ یہ ہو رہا ہے، خدارا! اس کے لئے کچھ کریں۔ جب ہم واپس جاتے ہیں تو لوگ ہماری طرف دیکھتے ہیں کہ یہ آواز بلند کریں گے لیکن اس پر کوئی عمل کرے تو تب بات بنے۔ آپ مہربانی فرما کر ان funds کا بھی آڈٹ کروائیں کہ کدھر سے آئے اور کدھر گئے۔ کوئی سپیشل کمیٹی بنائیں اور بالاکوٹ والی کمیٹی بھی ساتھ ہی مل سکتی ہے کیونکہ Balakot is just part of this overall tragedy. Mr. Chairman, thank you very much.

جناب چیئرمین: کوئی اور سینیٹر اس issue پر بات کرنا چاہیں۔ جی سینیٹر ولیمز۔

Senator Brig. (R) John Kenneth Williams

سینیٹر بریگیڈیئر (ر) جان کینتھ ولیمز: جناب چیئرمین! 8 اکتوبر 2005 کا جو زلزلہ تھا ہم نے honourable Senators کی باتیں سنیں، نہایت افسوس ہے کہ آج تک اس کا ازالہ نہ ہو سکا۔ جس طرح کام شروع ہوا تھا وہ مکمل نہ ہوا۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ اس میں دو تین حکومتیں شامل ہیں ۔ The Government of Pakhtunkhwa, the Government of Azad Kashmir and the Federal

.Government جیسا کہ سینیٹرز نے request کی ہے میں بھی اپنی آواز اس میں شامل کرنا چاہتا ہوں کہ اس کی inquiry ہونی چاہیے وہ آپ مجھ سے بہتر سمجھتے ہیں کہ کس ترتیب سے inquiry ہونی چاہیے۔ اس کے نتائج آنے چاہییں اور جو culprits ہیں ان کو سزائیں ہونی چاہییں کہ غریبوں کے ساتھ ظلم ہوا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر تاج حیدر۔

Senator Taj Haider

سینیٹر تاج حیدر: شکریہ جناب چیئرمین! جو علاقے اس زلزلے میں تباہ ہوئے ان کا دورہ میرے لئے ایک دل ہلا دینے والا تجربہ تھا۔ میں مظفر آباد میں کھڑا ہوا تھا اور بتایا گیا کہ جس کھنڈر پر آپ کھڑے ہیں یہ بچوں کا سکول ہوتا تھا۔ زلزلہ آیا اور تین سو بچے وہاں پر دب کر ختم ہو گئے۔ جناب عالی! کئی دن تک میں ان بچوں کی چیخ وپکار سنتا رہا کہ وہ بچے کہہ رہے ہوں گے کہ کسی طریقے سے ہمیں یہاں سے نکالو اور کوئی ان کی مدد کو نہیں پہنچا۔ میں نے ایک play لکھا سرد ہواؤں کا نوحہ جو انہیں بچوں سے شروع ہوتا ہے۔ پی ٹی وی نے مجھ سے معذرت کی کہ ہم یہ play نشر نہیں کر سکتے کیونکہ یہ بہت دل ہلا دینے والا ہے۔ آج جو باتیں سینیٹر عباسی نے کیں وہ مجھے پھر وہیں لے گئیں اور آپ کو یاد ہو گا کہ ہم اور آپ کراچی میں عارف حسن صاحب کے پاس گئے تھے جنہوں نے مہینے بھر وہاں کا دورہ کیا اور ان کے پاس تجاویز تھیں۔ ہم نے اور آپ نے پارٹی کی طرف سے ایک گروپ بنایا کہ کیا کیا جا سکتا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ دس سال گزر گئے ہیں کچھ نہیں ہوا یہ ہر اہل درد کے لئے، ہر صاحب اولاد کے لئے ایک لمحہ فکریہ ہے۔ میری آپ سے گزارش ہو گی کہ تھوڑی دیر کے لئے اپنی اس عادت کو ترک کر کے کہ فلاں کا احتساب کیا جائے اور فلاں کو جیل بھیجا جائے، آپ ایک چھوٹی سی کمیٹی تشکیل دیں جو سر جوڑ کر بیٹھے اور یہ تجویز کرے کہ کیا ہونا چاہیے۔ اگر ہمیں در در جانا ہے، بھیک مانگنے کے لئے تو ہم وہ بھی کریں گے، اگر ہمیں حکومت کے نمائندوں کے پاس جانا ہے، اداروں کے پاس جانا ہے تو ہم وہ بھی کریں گے لیکن جناب عالی! یہ بات ایسی ہے کہ جس پر فوری طور پر عمل کرنا چاہیے اور میں آپ سے یہی گزارش کروں گا کہ بلا تاخیر آپ ایک کمیٹی تشکیل دیں اور اس میں دوسرے ایسے لوگ کہ جو انسانیت اور بچوں کے لئے کام کرتے رہے ہیں ان کو ساتھ لیا جائے اور آپس میں بیٹھ کر نہ صرف یہ کہ اقدامات تجویز کریں بلکہ وہ اقدامات ہم خود اٹھائیں جن سے ہم ان کے دکھ درد بانٹ سکیں۔ اللہ نہ کرے کہ ایسی تباہی پھر آئے، اللہ

نہ کرے کہ ہمیں ایسے سانحے پھر دیکھنے پڑیں۔ میں بچوں کے لئے دعائیں کرتا ہوں اور میں کہتا ہوں کہ ہر بچے کو اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت میں رکھے لیکن جناب عالی! یہ وقت الزام دینے کا نہیں ہے اقدام اٹھانے کا ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

Shaikh Aftab Ahmed, Minister of State for Parliamentary Affairs

شیخ آفتاب احمد: جناب چیئرمین! جو بھی یہاں پر باتیں کی گئیں ہیں یہ بہت دکھ والی باتیں ہیں۔ افسوسناک واقعہ اس طرح ہے کہ ایک ایسا سانحہ پیش آیا کہ جس نے صرف پاکستان ہی نہیں پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا۔ اس زلزلے میں آزاد کشمیر اور پختونخوا کے بہت سے علاقے متاثر ہوئے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان بھر سے ہی نہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر جتنی بھی ویلفیئر کی تنظیمیں تھیں وہ آگے آئیں اور سب نے مل کر یہ کوشش کی کہ جو علاقہ تباہ و برباد ہوا ہے اس کی rehabilitation کی جائے۔ اس ضمن میں ایرا کا قیام عمل میں آیا اور ایرا نے اس پر کام شروع کیا۔ جناب چیئرمین! 2005 کے زلزلے کے بعد کوئی total 14512 schemes شروع کی گئیں جن میں سڑکیں، سکول، بجلی کے معاملات، ہسپتال شامل تھے اور ان کا کام تیزی کے ساتھ شروع کیا گیا۔ اس میں زیادہ funding بیرونی NGOs بیرونی حکومتوں نے کی اور پاکستان میں بسنے والے بہت سے ایسے لوگ جو درد دل رکھتے تھے وہ آگے آئے اور اس کام میں اپنا حصہ ڈالا۔ جناب چیئرمین! میں نے جو 14512 schemes کا ذکر کیا ہے، ان میں سے 9888 منصوبوں کو اب تک مکمل کیا جا چکا ہے لیکن باقی منصوبے ابھی تک پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکے جن کی مختلف وجوہات ہیں۔ Funds کی بھی کمی ہے اور زمین کا حصول بھی مشکل ہو رہا ہے جس وجہ سے یہ منصوبے پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکے۔

جناب چیئرمین! میں یہ بھی عرض کروں گا کہ یہاں پر جو لوگ affect ہوئے، ان کو چھ لاکھ چھوٹے گھر بنا کر دیے گئے لیکن یہ گھر بھی requirement پوری نہیں کرتے تھے کیونکہ تباہی اس سے بہت زیادہ ہوئی تھی۔ جب موجودہ حکومت آئی تو حکومت پاکستان کی طرف سے مزید پانچ ارب روپے کا budget دیا گیا ہے اور وزیر اعظم پاکستان نے ایک ہزار نئے سکول بنانے کے احکامات دیے جن میں سے ایک سو سکول مکمل ہو چکے ہیں۔ اب تک جو 9888 projects complete

ہوئے ہیں، اس پر 244 ارب روپے خرچ ہو چکے ہیں اور 76 ارب روپے ان چھ لاکھ گھروں پر خرچ ہوئے۔ یہ تو وہ report ہے جو کہ ERRA نے کہا کہ ہم نے یہ سب کچھ کیا ہے لیکن جناب چیئرمین! اصل issue یہ نہیں ہے بلکہ issue یہ ہے کہ یہاں پر honourable Senators point of order, adjournment motion or motion پر بات کریں تو اس کا کوئی نہ کوئی نتیجہ ضرور نکلنا چاہیے کیونکہ یہاں پر ہونے والی discussion حکومت کے لیے مشعل راہ ہوتی ہے اور حکومت اس سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی غلطیوں کو درست کرتی ہے۔ یہاں Committee بنانے کی بات کی گئی، میں چاہتا ہوں کہ اگر honourable Senators چاہیں تو میرے خیال میں جب next session اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو ہو گا، میں اس میں ERRA کے office, Committee room میں ایک مکمل briefing کا اہتمام کرتا ہوں تاکہ وہ نقشے کی مدد سے ہمارے honourable Senators کو اور خاص طور پر جو اس علاقے کے رہنے والے ہیں جن میں جاوید عباسی صاحب بھی شامل ہیں اور یہ نقشے کی مدد سے بہتر سمجھ سکتے ہیں کہ جو باتیں بتائی جا رہی ہیں، کس حد تک درست ہیں۔ ابھی کیا کچھ کرنا باقی ہے، اس میں حکومت پختونخوا نے کیا کرنا ہے اور وفاقی حکومت نے کیا کرنا ہے۔ اگر آپ Committee بنانا چاہیں تو یہ آپ کی discretionary power ہے، آپ بنا سکتے ہیں لیکن میری گزارش یہ ہے کہ ایک مکمل briefing ہو جو دن بھر کے لیے ہو تاکہ ایک ایک شہر، ایک ایک دیہات پر انگلی رکھ کر بتایا جا سکے کیونکہ جو اس علاقے کے رہنے والے جانتے ہیں، شاید ہم نہیں جانتے۔ میری یہی گزارشات ہیں۔ بہت شکریہ۔

Ruling of the Honourable Chairman Regarding Rehabilitation Work Done by ERRA

جناب چیئرمین: شکریہ۔ وزیر صاحب، یہ نہایت افسوس ناک بات ہے کہ قوم اپنے بچوں کا خیال نہیں رکھ سکتی اور جو زلزلے سے affect ہوئے ہوں، دس سال گزر جائیں اور سارا پیسا جو آیا، میں کہنا نہیں چاہتا لیکن وہ کہاں گیا؟ اس کا پتا کرنا پڑے گا۔

دوسری بات جو آپ نے ان کے Committee room میں meeting کا کہا کہ ERRA briefing دے تو میں صرف یہ observe کرنا چاہتا ہوں کہ پارلیمان کسی official

کے پاس چل کے نہیں جاتی، وہ officials چل کر پارلیمان کے پاس آئیں گے۔ اگر ERRA کی briefing ہو گی تو وہ Parliament House کے اندر ہو گی۔

No. 1. Parliament will not go to the office of ERRA.

No. 2. The office of the Auditor General shall conduct a special audit of the international and national funds received for rehabilitation of the affected people and areas of October 2005 earthquake. The report of the comprehensive audit of total funds received and expenditures incurred on actual rehabilitation shall be placed before this House within four months.

No. 3. The steps taken by ERRA for the rehabilitation of the affected people of the October 2005 earthquake shall be examined by the Standing Committee on Cabinet and report shall be submitted to this House within three months.

We now take up matters of public importance. Saleem Zia sahib, I have this in writing from you, you want to take up a matter of public importance.

Point of Public Importance Raised by Senator Saleem Zia Regarding Agitating Employees of Jinnah Post Graduate Hospital, Karachi

سینیٹر سلیم ضیاء: شکریہ۔ جناب چیئرمین! یہ کراچی کے حوالے سے ہے۔ کراچی میں جناح ہسپتال کے نام سے ایک بہت بڑا ہسپتال ہے جو غالباً پاکستان کا سب سے بڑا ہسپتال ہے۔ کراچی میں

ہسپتالوں کی شدید قلت ہے، یہ تقریباً پاکستان کے قیام سے لے کر آج تک کام کر رہا ہے اور لاکھوں لوگ اس سے مستفید ہو چکے ہیں۔ اس کے تقریباً چار ہزار ملازمین پچھلے پانچ دن سے مستقل احتجاج پر ہیں، ان کے paramedical staff and nurses احتجاج پر ہیں اور doctors بھی چار دن سے احتجاج پر ہیں، کل وہ واپس چلے گئے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ان کو پچھلے چار سال سے deputation allowance and health allowance نہیں دیے جا رہے۔ اس وقت سندھ حکومت ان سے negotiations کر رہی ہے۔ میری درخواست ہو گی کہ سندھ حکومت اس کا notice لے اور ان کے ساتھ جو گفت و شنید ہو رہی ہے اس میں ایسا کام کرے کہ ان لوگوں کے مسائل حل ہوں کیونکہ عید کا موقع بھی ہے۔ اس احتجاج سے، گو کہ میں ایسی چیزوں کے حق میں نہیں ہوں لیکن پچھلے چار سال سے ان کو ان کا حق نہیں دیا گیا جس کی وجہ سے اڑھائی کروڑ کے قریب کراچی کی آبادی ہی نہیں بلکہ آپ بخوبی واقف ہیں کہ ہمارے interior Sindh کے بہن بھائی اور بلوچستان کے لوگ بھی وہاں آتے ہیں، ان کے علاج معالجے میں بھی دقت ہو رہی ہے۔ سندھ حکومت سے ہماری درخواست ہو گی کہ وہ اس پر غور کرے اور ان کے معاملات کو حل کرے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ دھامر اصاحب۔

سینیٹر مختیار احمد دھامر االمعروف عاجز: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں نے کل بھی یہ point raise کیا تھا اور آپ نے ruling دی تھی کہ حکومت اس مسئلے پر report پیش کرے۔

جناب چیئرمین: دھامرہ صاحب، ایک منٹ۔ شیخ صاحب، میں نے آپ سے request کی تھی کہ وہ جو medical۔۔۔

(اس موقع پر اذان سنائی دی)

جناب چیئرمین: شیخ صاحب! جو assurance Minister for Finance نے ان کو دی تھی کہ ان کے جو allowances ہیں وہ release ہو جائیں گے لیکن ابھی تک نہیں ہوئے تو آپ نے اس کا کوئی پتا کیا۔

شیخ آفتاب احمد: نہیں جناب! میں پتا نہیں کر سکا کیونکہ آج میں بہت مصروف رہا ہوں، سارا دن میری بریفنگ تھی۔

جناب چیئرمین: مہربانی کر کے آج کر لیں کیونکہ کل پھر last day ہے۔

شیخ آ فتاب احمد: جناب چیئرمین! آج اگر آپ اجازت دیں تو میں جانا چاہتا ہوں کیونکہ ہمارے بلدیاتی انتخابات ہو رہے ہیں تو کل میرا کوئی بزنس بھی نہیں ہے تو مجھے آج اجازت دی جائے تو میں Monday کو اس کا جواب دے دوں گا۔

جناب چیئرمین: شیخ صاحب !Monday کو تو اجلاس نہیں ہوگا۔ کل Friday ہے tomorrow is the last day اگر آپ نہیں ہوں گے تو پھر آپ کی جگہ کوئی وزیر تو ہوگا۔

شیخ آ فتاب احمد: میں ظفر اقبال جھگڑا صاحب سے request کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جھگڑا صاحب کو آپ بریف کر دیجیے۔ ایک یہ مسئلہ تھا اور دوسرا مسئلہ تاج حیدر صاحب نے اٹھایا تھا کہ حکومت سندھ اور حکومت بلوچستان نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو NOC کے لیے لکھا ہوا ہے کہ وہ صوبائی حکومت کی جانب سے عید کے موقع پر ان لوگوں کو پیسے دینا چاہتے ہیں اور وہ ابھی تک pending ہے تو یہ دونوں چیزیں اگر آپ دیکھ لیں۔

شیخ آ فتاب احمد: اس کا میں جواب دے دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: اچھا اس کا آپ جواب دے رہے ہیں۔ جی۔

Statement of the Minister on a Point of Public Importance Raised Earlier by Seantor Taj Haider Regarding BISP

شیخ آ فتاب احمد: اس میں گزارش یہ ہے کہ ایک تو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام چل رہا ہے جس میں چاروں صوبے ہیں، کشمیر، بلتستان ہے اور وہ نادرا کی رپورٹ کے مطابق پیسا تقسیم کیا جا رہا ہے۔ اب ان دو صوبوں کی ڈیمانڈ یہ ہے وہ کہتے ہیں کہ پانچ پانچ سو روپیا یا ایک ہزار روپیا ہماری حکومت اپنی طرف سے دینا چاہتی ہے۔ لیکن اس کی تقسیم بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ہو۔ اس میں ان کا کہنا یہ ہے کہ یہ پروگرام ہم آپس میں mix up نہیں کر سکتے۔ کل ہمیں کیسے حساب دینا ہوگا کہ اس میں وفاقی حکومت کا پیسہ کتنا تھا اور صوبائی حکومت کا پیسہ کتنا تھا لہٰذا ایک تو ہمارے لیے یہ مسئلہ ہے دوسرا اس کے لیے صاف ظاہر ہے حکومت کی اجازت چاہیے جب ہم صوبائی حکومت کا پیسہ ٹرانسفر کریں گے تو وہ از خود تو نہیں کر سکتے یہ مسئلہ کابینہ میں جائے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگر وہ دینا چاہتے ہیں تو ہر صوبے میں زکواۃ کا اپنا نظام موجود ہے۔ ہر ضلع، تحصیل، یونین کونسل میں وہ نظام موجود ہے تو وہ اپنے نظام کے ذریعے یہ پیسہ عید سے پہلے تقسیم کر دیں۔ اگر وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہم انہیں یہ بتائیں کہ بے نظیر

انکم سپورٹ پروگرام کے اس علاقے میں کون کون سے beneficiaries ہیں تو اس کی list provide کرنے کے لیے ہم تیار ہیں۔

Mr. Chairman: Taj Haider Sahib, I see their point, they can't mix the two programmes but give you a list of the people who are receiving that money.

Senator Taj Haider: We started these progammes میں نے محترم وزیر صاحب کو کل پوری correspondence کی کاپی دی تھی اور اس میں آپ نے دیکھا ہو گا کہ ہر خط کے اندر پیسے نہ دینے کی کوئی نئی وجہ بتادی جاتی ہے۔ آج یہ ایک نئی وجہ آئی ہے کہ اس وجہ سے ہم پیسے نہیں دے سکتے۔ اس میں کوئی دشواری نہیں ہے۔ جو ہماری صوبائی حکومت ہے وہ سترہ لاکھ خاندان ہیں آپ اسے ایک ہزار سے ضرب دے دیجیئے وہ پیسہ اپنے مرکزی بی آئی ایس پی کو ٹرانسفر کر دے گی۔

جناب چیئرمین: تاج صاحب! میری بات سن لیں because اذان بھی ہو گئی ہے there are so many members who raised this point obviously یہ اس level کے اوپر solve نہیں ہو سکتا کیونکہ دو صوبائی حکومتیں اس میں involved ہیں اور ایک وفاقی ادارہ involved ہے لہٰذا میں آپ کے توسط سے سندھ حکومت کو اور بزنجو صاحب کے توسط سے بلوچستان حکومت کو دست بستہ گزارش کروں گا کہ اللہ کے لیے جو میکانزم آئین میں دیے گئے ہیں ان کو استعمال کریں۔ یہ مسئلہ CCI میں لے کر جائیں CCI already دو سو، یا تین سو دن ہو گئے ہیں وہ نہیں مل رہی آپ دونوں اس کو requisition کر لیں there is a provision under the 18th Amendment. Where one province can requisition the Council of Common Interests but none of the provinces is requisitioning the Council of Common Interests, for God's sake you got your rights learned to protect and defend your right also. There is not my place to say it but this is the House of Federation so I am advising the Federating Units.

سینیٹر تاج حیدر: میں بڑے ادب کے ساتھ وہ پورا ریکارڈ پیش کر سکتا ہوں کہ جس میں خوشامدیں کی گئی ہیں کہ اس requisition کا جواب تو دے دیجیے۔ وہ تمام

correspondences وزیر اعلیٰ سندھ نے مجھے دی ہیں جس کے اندر CCI کے ایجنڈے میں یہ رکھنا چاہتے ہیں کہ وفاقی حکومت ہمارے خطوں کا جواب دے۔ جناب عالی! آپ ان الفاظ کو حذف کریں گے لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ساتھ وہ سلوک ہو رہا ہے جو نوآبادیات کے ساتھ ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین: میں کیوں ان کو expunge کروں گا۔

سینیٹر تاج حیدر: ہمارا یہ قصور ہے کہ ہم tax دیتے ہیں اور ہمارا قصور یہ ہے کہ ہم جمہوریت کے لیے لڑتے ہیں۔

Mr. Chairman: Ok, If you have requisitioned, I will take that with the pinch of salt. Thank you.

جی دھامرا صاحب! آپ کا جواب صبح آئے گا، نہیں آئے گا، آپ پھر کل بات کریں۔

سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز: جناب! میری یہ گزارش ہے کہ یہ حکومت بالکل serious نہیں ہے، وزیر صاحب نے negotiation کی۔ وہ ایسا پیشہ ہے جو صحت سے تعلق رکھتا ہے، ابھی آپ کی ruling کے بعد بھی نیت کا پتا چل گیا اور کل بھی جواب نہیں آئے گا۔ لہذا یہ حکومت serious بھی نہیں ہے اور میں حکومت کے اس رویے پر token walk out کرتا ہوں۔

(اس موقع پر سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز walk out کر گئے)

جناب چیئرمین: جناب اقبال ظفر جھگڑا صاحب! آپ جائیں اور ان کو واپس لائیں۔ مولانا صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: جناب چیئرمین صاحب! آپ مہربانی کیا کریں اور نماز کا وقت دیا کریں۔

جناب چیئرمین: میں سوچ رہا تھا کہ ابھی مکمل ہو جائے۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: وہ ایک الگ بات ہے، آپ کم از کم نماز کے لیے وقت تو دیا کریں۔

جناب چیئرمین: آپ کی بات صحیح ہے، انشاء اللہ نماز پڑھیں گے، میں آپ کے ساتھ چل کر ابھی پڑھتا ہوں۔ میں پوچھ لوں کہ نماز کا وقفہ کر کے آپ پھر ملنا چاہیں گے یا ابھی adjourn کرنا چاہیں گے؟

شیخ آفتاب احمد: جناب چیئرمین! آپ اجلاس adjourn کر دیں۔

جناب چیئرمین: آپ کی آراء کیا ہیں، ابھی پندرہ منٹ کے لیے نماز کا وقفہ کر لیں پھر واپس آ جائیں یا اجلاس adjourn کر دیں اور آپ اپنے points صبح کر لیں۔

(اس موقع پر سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز ایوان میں واپس آ گئے)

شیخ آفتاب احمد: جناب! آپ adjourn کر دیں، انشاء اللہ صبح کو اجلاس ہو۔

جناب چیئرمین: وقفہ کر لیں۔

The House was then suspended for fifteen minutes for Maghrib prayers.

[The House was then adjourned for fifteen minutes for Maghrib prayers]

(اجلاس نماز مغرب کے وقفہ کے بعد زیر صدارت جناب چیئرمین (میاں رضا ربانی) دوبارہ شروع ہوا۔)

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: جناب چیئرمین! کل FIA میں posts کے بارے میں بات ہوئی تھی اور بلوچستان میں FIA میں 17 لوگوں کی posts کا issue تھا۔ اس میں merit پر ساڑھے سات فیصد کوٹا ہے، اسلام آباد سمیت پنجاب کا quota 50% ہے، سندھ اربن اور سندھ رورل کا 19% quota ہے اور بلوچستان کا quota 6% ہے۔ 17 posts advertise کی گئی ہیں، ان کو include کر کے جب کوٹے کی تقسیم کی گئی ہے تو بلوچستان میں لوگ ابھی in excess ہیں جو کہ اس کوٹے پر پورے نہیں آتے۔ اس لیے ان کو یہاں پر consider نہیں کیا گیا، سندھ، پختونخوا اور پنجاب کو consider کیا گیا۔ انہیں صرف اس لیے consider نہیں کیا گیا کہ ان کے پاس جو already seats ہیں وہ ان کے اپنے کوٹے سے in excess ہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ جی سینیٹر شیری رحمن صاحبہ۔

Point of Public Importance Raised by Senator Shehar Bano Sherry Rehman Regarding Import of LNG

سینیٹر شہر بانو شیری رحمٰن: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے matter of public importance raise کرنا چاہ رہی تھی۔ کل میں نے بات کی تھی کہ سردی کا موسم شروع ہو رہا ہے اور پورے ملک میں لوگوں کے چولہے گیس پر چلتے ہیں، ہماری غریب عوام اور انڈسٹری گیس پر dependent ہیں۔ ہمیں بتایا گیا تھا کہ سردیوں میں گیس کی 1.6 BCF shortage ہے، یہ اب بڑھ چکی ہے۔ منسٹر پٹرولیم نے کہا تھا کہ LNG کے حوالے سے کم از کم one third fill ہو گا۔ افسوس کی بات ہے کہ منسٹر صاحب ہاؤس میں آنے کی تکلیف نہیں کرتے، وہ tv پر موجود ہوتے ہیں، ہمیں بتائیں کہ ہم ایوانوں سے جا کر ان سے tv پر بات کریں۔ میں کہنا چاہتی ہوں کہ کل کہیں tv پر منسٹر صاحب نے کہا کہ LNG furnace oil کی replacement ہے اور diesel بہت مہنگا آتا ہے۔

Mr. Chairman: Minister Sahib, please don't leave the House, there is no Minister here. Yes, Sherry Rehman *sahiba*.

سینیٹر شہر بانو شیری رحمٰن: جناب چیئرمین! مجھے ان پر بہت ترس آ رہا ہے کہ ان کو collective responsibility اس طرح ادا کرنی پڑ رہی ہے۔

جناب چیئرمین! منسٹر پٹرولیم نے بار بار کہا ہے کہ ڈیزل کو replace کرنے کے لیے LNG لائی جا رہی ہے، یہ بہت اچھی منصوبہ بندی ہے۔ میرے چار پانچ important سوالات ہیں۔ اتنا بڑا terminal لگایا گیا اور یہ LNG terminal ENGRO کو دیا گیا ہے۔ اب اس میں کس نے یہ طے کیا کہ Engro کو دینا ہے، کیا کرنا ہے وغیرہ، یہ سوال اس لیے important ہے کہ سارا bidding process/contractual process غیر شفاف رہا ہے اور دنیا میں کہیں ایسا نہیں ہوتا جیسے یہاں پر قطر سے imported LNG لائی جا رہی ہے جو re-gasified ہے، regasification کا extra charge ہوتا ہے اور اس کا قیمت پر impact ہوتا ہے اس لیے میں یہ بات آپ کو باور کرا رہی ہوں اور میں اس کی قیمت آج آپ سے پوچھنا چاہتی ہوں۔ آج تک قیمت نہیں بتائی گئی۔ imported gas جب لائی جاتی ہے اس کی پہلے

سے transparently قیمت دی جاتی ہے۔ چوبیس سے زیادہ ممالک اس پر depend کرتے ہیں لیکن on all imports previously price discussed ہوتی ہیں۔ آپ کے منسٹر نے شاید TV پر کہا کہ 8.6 MBTU فی ڈالر پر ہے تو ایسا ہو نہیں سکتا کیونکہ ہم نے جتنی بھی cancelation کی ہیں and we would like to be proved wrong جب وہ door تک پہنچتی ہے regasification کے بعد، جب تک وہ آپ کے door تک پہنچتی ہے تو وہ بارہ سے چودہ MBTU فی ڈالر ہے، اگر ایسا نہیں ہے تو please show us how? یہ میرا دوسرا سوال ہے اور مجھے یہ بتائیے کہ how Engro became the Terminal Operator اس میں کلیدی کردار Pakistan State Oil (PSO) کا ہے جو ایک profitable entity ہوتی تھی لیکن وہ ایک اور بحث ہے۔ اس وقت جو MD, PSO ہیں اور PSO نے ہی side agreement کرنا ہے، چیئرمین صاحب! یہ ایک technical issue ہے، PSO is the one that has to do the side agreement اور اس کی وجہ سے tripartite agreement ہوتا ہے جن کے ذریعے energy supply chain آئے گا، regasify and Sui Northern and Sui Southern کے پائپوں میں آئے گا، تین entities کے ساتھ ابھی تک agreement sign نہیں ہوا ہے اور یہ floating terminal اس کی daily price, اگر ہم capacity use نہ کریں تو 270000 dollars پاکستان کو روز بھرنے پڑتے ہیں as a user cost آپ اسے استعمال کریں یا نہ کریں۔ یہ بھی عجیب بات ہے اور یہ user cost کون بھر رہا ہے۔ میں دوبارہ PSO پر آتی ہوں، Interstate Gas Company and PSO نے ساتھ یہ transaction کرنی ہوتی ہے، یہ وہ import کرتے ہیں، ابھی تک اوگرا نے بھی اس کی قیمت کا تعین نہیں کیا ہے، اوگرا سے بھی بہت سوال جواب اٹھ رہے ہیں، قطر گیس کے ساتھ معاہدہ ہی sign نہیں ہوا ہے، وہ terminal آتا ہے، وہ terminal جاتا ہے، وہ خود float کر کے یہاں آتا ہے، وہ خود float کر کے وہاں جاتا ہے۔ MD, PSO کو یکم مئی کو چارج دیا گیا ہے اور وہ دو ستمبر کو چھ ماہ کے بعد آ کر بیٹھے ہیں، وہ کون ہیں، وہ جناب عمران الحق صاحب ہیں، کسی سے کوئی ذاتی بات نہیں ہے، میں انہیں جانتی بھی نہیں کہ وہ کون ہیں لیکن یہ Engro LNG سے ہی

آئے ہیں اور اس کے سر براہ ہیں۔آپ مجھے بتائیے اسے ساری دنیا میں sweet deal کہا جاتا ہے، this is smacking of complete lack of transparency مجھے امید ہے اور ہم حوصلہ رکھتے ہیں کہ ایسا نہ ہو، اس کے لیے کوئی جائز explanation ہو، please I would like to be corrected and he is drawing a salary of 24 lact, and has been sitting on both, on Engro LNG and he is now the MD, PSO. PSO is the body Mr. Chairman and Mr. Minister which has to sign the deals and جس کی وجہ سے ساری regasification رکی ہوئی ہے، ایک 300 million dollar کا آبھی چکا ہے اور جا بھی چکا ہے، پھر مجھے بتائیں GUVNOR is the company جس کو آٹھ کمپنیاں چھوڑ کر contract دے دیا گیا اور کوئی ایسی وجوہات نہیں۔اس کا بھی انہوں نے جواب دینا ہے۔ابھی تک LNG supply chain کا payment mechanism نہیں بنا ہے، again that Pakistan State Oil, goes to, gas price agreement کون بنائے گا، same M.D. تو کیا یہ بندر بانٹ ہو رہی ہے ہمارے سروں اور ہمارے غرباء کی قیمت پر کہ آپ اپنے business partners, احباب اور دوستوں کو اس طرح نوازیں گے، یہ crony capitalism نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ یہ دنیا میں سب سے بڑا stinking scandal ہے اور اس وقت جناب چیئرمین! دنیا میں تیل کی قیمتیں گر رہی ہیں، پچاس ڈالر سے کم brand crude ہونے والا ہے، brand crude is what we look at internationally ہماری side پر دنیا کے اس حصے میں یہی آتا ہے، brand crude is touching less than fifty dollars آپ نے assessment of gasification کس پر بنائی تھی، اس کے ہمیں کوئی فوائد ہو رہے ہیں؟ نہیں۔اوگرا ساری دنیا میں سوال پوچھ رہا ہے we are not willing to touch it پھر جو دوسری دو کمپنیاں ہیں، اسی طرح چپ چاپ آپ کی second deal ہونے والی ہے۔ The second deal is about to be signed اور آپ کی جو interstate gas companies ہیں ان کے سارے بورڈ کی ٹانگیں کانپ گئی ہیں، انہوں نے کہا ہے کہ ہم کرنا ہی نہیں چاہتے۔یہ ایک اور سوال ہے۔پھر ابھی تک کسی کو اس کی قیمت نہیں معلوم ہے۔

Mr. Chairman: Senator Sherry Rehman, can I make a suggestion to you, don't fire all your shoots, wait till the adjournment motion is taken up and the relevant Minister is here to answer. The poor MoS is in no position to answer your questions. So hold the horses till the thing comes up.

Senator Sheher Bano Sherry Rehman: I understand. I just had to travel and I was sure when it will come up……

Mr. Chairman: You will be here in the next session *Insha Allah*.

Senator Sheher Bano Sherry Rehman: Further developments on this.

Mr. Chairman: Then you have more material. Yes, Sassui Palijo *sahiba*.

Senator Sassui Palijo

سینیٹر سسی پلیجو: شکریہ، جناب چیئرمین! میرے خیال میں سینیٹر شیری رحمان صاحبہ نے بہت اہم مسئلہ اٹھایا ہے۔ میرا adjournment motion OGRA کے حوالے سے ہے جو میرے خیال میں کل تک آ جائے گا جس میں CCI ہو رہی ہے اور باقی چیزیں ہیں۔ میں جس چیز پر بات کرنا چاہ رہی تھی اس پر calling attention notice بھی میں نے جمع کروایا ہوا ہے لیکن چونکہ کل آخری دن ہے، آپ کے پاس بہت سارا business ہے اور پتا نہیں کہ وہ agenda پر ہو یا نہ ہو؟ یہ انتہائی اہم معاملہ تھا، جیسا کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ Planning Commission, OGRA or WAPDA ہو تو چھوٹے صوبوں کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے، ان کی body formation or headquarters میں یا ڈومیسائل کے حوالے سے، ابھی FIA نے مختلف صوبوں میں Federal Public Service Commission کے امتحانات کروائے۔

جناب چیئرمین: آپ کا یہ calling attention notice کل لگ رہا ہے۔

سینیٹر سسی پلیجو: جناب میں یہی کہنا چاہ رہی تھی کہ جو Public Service Commission کے امتحانات ہوئے ہیں اس میں سندھ کا rural کوٹا بالکل غائب کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ اسے کل take-up کر لیں۔ کل آپ کا calling attention notice لگ رہا ہے۔

سینیٹر سسی پلیجو: جی جناب ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ صاحب۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: مہربانی، جناب چیئرمین! میں ایک اہم public importance کے issue پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ شیخ آفتاب صاحب اور جھگڑا صاحب اس میں تعاون کریں گے، کیونکہ مسئلہ مشکل ہے۔ جناب ضلع سوات میں تحصیل خوازہ خیلہ / جانکا خیل کا جو علاقہ ہے، یہ خاص مدین، بحرین اور کالام کی طرف ہے، سب کو معلوم ہے کہ سوات میں بہت زیادہ دہشت گردی اور شورش تھی، اب امن آگیا، اس دہشت گردی کے زمانے میں بھی یہ تحصیل اور یہ علاقہ بہت پرامن تھا، یہاں کوئی بھی واقعہ نہیں رونما ہوا۔ خوازہ خیلہ کا علاقہ بیس گاؤں پر مشتمل ہے۔ وہاں لاکھوں کی آبادی ہے۔ وہاں آرمی کا GOC موجود ہے جس کے لیے لوگوں نے 56 کنال زمین آرمی کو دی ہے۔ اسی علاقے میں گنجان آبادی بھی ہے، گرلز کالج، اسکول، ہسپتال اور دوسری سرکاری عمارات وہاں موجود ہیں۔ ابھی وہاں عوام کی تین سو کنال زمین ہے۔

جناب چیئرمین: عثمان صاحب! میں آپ کی بات سمجھ گیا ہوں، یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے۔ اس کا یقیناً جواب آنا چاہیے، اس طرح کوئی جواب آپ کو نہیں ملے گا۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ اس ایک ہفتے میں میں تھوڑا سا lax بھی رہا ہوں کیونکہ حج کے لیے اراکین اور منسٹرز بھی جا رہے ہیں۔ آپ سے میں یہ گزارش کروں گا کہ آپ اس حوالے سے ایک calling attention notice جمع کروادیں۔ پانچ تاریخ کو جو اجلاس منسٹر صاحب بلا رہے ہیں، انشاءاللہ، اس میں آپ کا calling attention آجائے گا، متعلقہ وزیر آئیں گے اور وہ آپ کو جواب دیں گے۔ یہ طریقہ بہتر رہے گا۔ جی سینیٹر ترمذی صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi regarding absence of Subject Specialist Teachers

سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) صلاح الدین ترمذی: بہت شکریہ جنابِ چیئرمین۔ یہ ایک public interest کا معاملہ ہے گو کہ اس کا تعلق حکومتِ خیبر پختونخوا سے ہے لیکن میں تمام

ذرائع استعمال کر چکا ہوں اور کوئی افاقہ نہیں ہوا، مسئلہ ادھر کا ادھر ہی ہے۔ کاغان جہاں سے میں تعلق رکھتا ہوں، وہاں کچھ اسکولز ہیں۔ ایک ہائر سیکنڈری اسکول بنایا گیا ہے جس کے لیے سنگ و خشت تو مہیا ہو گئے ہیں لیکن اس سحر کی نمود تب ہو گی جب کوئی افکارِ تازہ پڑھانے والا آئے گا۔ وہاں تیرہ اساتذہ نہیں ہیں۔ تیرہ subject specialists نہیں ہیں۔ ڈی۔او سے لے کر چیف منسٹر تک میں نے درخواست کی کہ وہاں ٹیچرز مہیا کیے جائے۔ اس پورے علاقے میں یہ واحد سیکنڈری اسکول ہے لیکن کسی نے اس پر کوئی توجہ نہیں دی۔ تبدیلی کا دعویٰ تو بہت کیا جاتا ہے، رات کو بھی خٹک صاحب ٹی۔وی پر تھے اور کہہ رہے تھے کہ ہم نے جو اسکولوں کے ساتھ کیا ہے، وہ سر سید نے بھی نہیں کیا ہو گا لیکن اسکولوں میں ٹیچرز نہیں ہیں تو وہاں تعلیم کون دے گا۔

جناب چیئرمین: میں آپ سے گزارش کروں، اگر آپ Monday کو یہاں ہوں کیونکہ کل Friday ہے اور میں نے جانا ہے۔

If you are here on Monday, then come and have a cup of tea in my Chamber and I will talk to the Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.

Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi: Thank you very much sir.

جناب چیئرمین: جی بابر صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Farhatullah Babar regarding Civil Service Reforms

سینیٹر فرحت اللہ بابر: شکریہ جناب چیئرمین۔ تین روز پہلے حکومت نے اعلان کیا کہ civil service reforms in a massive way ہم لا رہے ہیں اور بڑی دور رس قسم کی اصلاحات کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ lateral entry سے پابندی اٹھا رہے ہیں، پرائیویٹ سیکٹر سے لوگوں کو گورنمنٹ سروس میں لائیں گے، ریٹائرمنٹ کی عمر کو بڑھا رہے ہیں، تنخواہیں revise کر رہے ہیں اور پرائیویٹ سیکٹر کی طرح گورنمنٹ سروس میں بھی incentive package متعارف کروا رہے ہیں۔ All this is very good, on the face of it, it seems very good. سول سروس اصلاحات ہونی چاہییں، ان کی بڑی ضرورت ہے لیکن جو بات میں کرنا چاہتا ہوں اور آپ کی وساطت سے حکومت کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے

کہ بڑی دور رس اصلاحات کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس کا اعلان جب تین روز پہلے ہوا تو اس کا context یہ تھا کہ پرائم منسٹر صاحب نے ایک موقع پر یہ کہا کہ I am totally dissatisfied with the present structure of the civil service. It needs a wholesale reform. یہ ان کی طرف سے ایک بیان سامنے آیا۔ پھر اس کی روشنی میں یہ اعلانات ہو گئے۔ چلیں، اس حد تک بھی ٹھیک ہے، آدمی مان لیتا ہے کہ شاید political point scoring ہے لیکن worrying point یہ ہے کہ ساتھ یہ بھی کہا کہ ان اصلاحات کا اطلاق اگلے مہینے سے یعنی within one month ہو گا۔ اب میں حیران ہوں کہ آپ اتنی دور رس اصلاحات کر رہے ہیں، نہ پارلیمان کو پتا ہے، نہ سول بیوروکریسی کو اطلاع ہے، کسی ادارے کو خبر نہیں ہے، just the Prime Minister sitting somewhere muses and says, "oh! the civil service, I am fed up with this, it needs massive overhauling." Another Minister hears that comment and then in Bhurban Murree, he calls a meeting in which he makes a huge announcement that hits the headlines. وہ کہتے ہیں کہ یہ ہو گیا اور اگلے مہینے سے لاگو ہو گا۔

جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے حکومت سے یہ request کروں گا کہ at the first available opportunity کل ہو یا اگلے سیشن میں ہو، جو اصلاحات یہ لا رہے ہیں اور جن کا انہوں نے اعلان کیا ہے کہ اگلے مہینے سے اطلاق ہو گا، وہ پارلیمان کے سامنے آنی چاہییں۔ آپ اگر مناسب سمجھتے ہیں تو یہ معاملہ سینیٹ کی متعلقہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے کہ وہ یہ دیکھ لیں کہ ان اصلاحات میں ہے کیا۔

How can the Government change all these things without bringing changes or amendments in legislation because lateral entry will require administrative, legislative measures and many other things. As far as this system of governance is concerned, I think as I said earlier also that the Government is drifting but this is worse than drifting. It is governance by fits and starts. I would request you to

refer this matter to the Committee so that it can consider it. Thank you.

Mr. Chairman: Babar *sahib*, take this announcement with a pinch of salt. The point is that so many commissions have sat; you know it, which have suggested civil service reforms. It is not a thing which can be done with a magic wand. It requires a great deal of application to look at the various structures within the service itself. Various cadres are there, how are they going to be harmonized and as you have very rightly pointed out, it requires massive legislation to take any ground.

لہٰذا، میں تجویز کروں گا جیسا کہ میں نے سینیٹر کاکڑ کو تجویز کیا کہ آپ بھی اگلے سیشن کے لیے اس حوالے سے ایک توجہ دلاؤ نوٹس جمع کرادیں۔

Let them come and make a statement on it and then let us take it from there.

سینیٹر فرحت اللہ بابر: میں یہی کرلوں گا، میرا خیال یہ تھا کہ شاید فاضل وزیر صاحب کہیں گے کہ یہ ہمارا ایک سیاسی بیان تھا۔ میں سوچ رہا تھا کہ اس طرح معاملہ ختم ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: فاضل وزیر صاحب بے چارے تو ویسے ہی پھنسے ہوئے ہیں۔ مشاہد صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Mushahid Hussain Syed regarding a Proforma based upon ethnicity

سینیٹر مشاہد حسین سید: شکریہ جناب۔ میں ایک عوامی اہمیت کے مسئلے پر بات کرنا چاہ رہا ہوں۔ ابھی مجھے ایک لسٹ ملی ہے، یہ بنیادی طور پر ایک رجسٹریشن فارم ہے۔ اس میں ضلع لاہور لکھا ہوا ہے اور ایک فہرست کا ذکر ہے، پٹھان افراد کی فہرست۔ اس میں کہا گیا ہے کہ افغانی یا پاکستانی۔ بنیادی بات یہ ہے کہ یہ ایک بہت خطرناک بات ہے کہ لسانی بنیادی پر کوئی امتیازی سلوک کیا جائے۔ یا تو کہا جاتا کہ foreigners یعنی بیرونی ممالک کے افراد لیکن یہ کہنا کہ پٹھان افراد، ایک nationality and ethnic group کو target کیا گیا ہے، پھر یہ بھی بتایا گیا کہ افغانی یا پاکستانی۔ This way you are talking of a Pakhtunistan basically, crossing the Durand Line. اگر آپ نے رجسٹریشن کرنی بھی ہے تو اس کی بنیاد لسانی نہیں ہونی چاہیے۔ Nationality should be determined as a foreigner or a Pakistani. میرے خیال میں جس نے بھی یہ فارم بنایا ہے، اس میں نام، تھانہ وغیرہ چیزیں درج

ہیں، پھر فہرست میں پٹھان افراد کا ذکر ہے، افغانی یا پاکستانی، شناختی کارڈ نمبر، فون نمبر، رہائش ضلع لاہور درج ہیں۔ میں یہ فارم سینیٹ سیکرٹریٹ کے پاس جمع کرواتا ہوں۔

I think we are the House of the Federation. We have to protect all the four provinces of Pakistan and the citizens of Pakistan have equal rights before the law. There cannot be any discrimination on the basis of ethnicity or linguistic background.

یہ ایک بہت ہی revolting بات ہے کہ پٹھان افراد کے متعلق فہرست بنائی گئی ہے، پھر یہ بھی کہا گیا کہ وہ افغانی پٹھان ہیں یا پاکستانی پٹھان ہیں۔ I think it is quite silly also at the same time, I am sorry to say that. بیوروکریسی کے کسی بندے نے یہ فارم بنایا ہے۔

Sir, through you, I would request that the Punjab Government should be asked to withdraw this form forthwith because it undermines the unity and solidarity of the federation by splitting people on ethnic lines and discrimination. Thank you Mr. Chairman.

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! یہ سوال کاکڑ صاحب نے تین چار مرتبہ اٹھایا ہے۔ سردار صاحب نے بھی یہ سوال اٹھایا ہے۔ پچھلی مرتبہ جب یہاں وزیر مملکت موجود تھے، انہوں نے یہ بات کہی تھی کہ ethnicity کی بنیاد پر کوئی رجسٹریشن پنجاب میں نہیں ہو رہی اور یہ صرف اور صرف ایک رجسٹریشن ہے کہ کون سے لوگ کہاں مقیم ہیں، کس گھر میں رہ رہے ہیں یا نہیں رہ رہے، آ رہے ہیں یا جا رہے ہیں۔ یہ ان کی statement ہے، سیکرٹریٹ کل اسے نکال بھی لے۔ منسٹر صاحب نے یہ statement دی تھی۔

So, I specified Kakar *sahib*, and it seems کہ میں نے غلطی کی۔ اب یہ وہ فارم لے کر آئے ہیں۔ آپ تو نہیں ہوں گے لیکن آپ مہربانی کر کے منسٹر صاحب سے فرمائیے یا عرض کریں کہ وہ کل ہاؤس میں تشریف لے کر آئیں اور اس بات کا جواب دیں اور جو انہوں نے بات کہی تھی اس میں اور اس میں تضاد کیوں ہے اور اس فارم کے بارے میں وہ کل ہاؤس میں جواب دیں۔ ٹھیک ہے جی۔

The House stands adjourned to meet again on Friday, the 18th September, 2015 at 10:00 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 18th September, 2015 at 10:00 a.m.]

Index

Senator Abdul Rehman Malik 115, 116
Senator Aitzaz Ahsan 95
Senator Ayesha Raza Farooq 18, 19, 52
Senator Brig. (R) John Kenneth Williams 94
Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini 115
Senator Farhatullah Babar 37
Senator Ilyas Ahmad Bilour 81
Senator Mohammad Azam Khan Swati 2, 58, 63
Senator Muhammad Javed Abbasi 92, 111, 112, 113
Senator Syed Muzafar Hussain Shah 1, 87, 116
جناب سرتاج عزیز 84, 96, 106, 107, 110, 111
خواجہ سعد رفیق 118
سینیٹر احمد حسن 22
سینیٹر اعتزاز احسن 81, 106
سینیٹر الیاس احمد بلور 3, 21, 31, 38, 43, 79, 80, 81, 89
سینیٹر بریگیڈیئر (ر) جان کینتھ ولیمز 127
سینیٹر پروفیسر ساجد میر 108
سینیٹر تاج حیدر 33, 128, 134, 135
سینیٹر چوہدری تنویر خان 3, 27, 31, 35, 36
سینیٹر حمزہ 51
سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی 42, 48
سینیٹر سحر کامران 27, 85
سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل سینیٹر 28, 45, 93
سینیٹر سسی پلیجو 90, 125, 140
سینیٹر سلیم ضیاء 131
سینیٹر شہر بانو شیری رحمٰن 84, 137
سینیٹر عائشہ رضا فاروق 32
سینیٹر فرحت اللہ بابر 20, 25, 33, 42, 49, 51, 142, 144
سینیٹر کامل علی آغا 24
سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) صلاح الدین ترمذی 126, 141
سینیٹر محمد اعظم خان سواتی 3, 93
سینیٹر محمد جاوید عباسی 36, 92, 114, 122
سینیٹر محمد داؤد خان اچکزئی ایڈوکیٹ 23
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 42, 91, 141
سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز 132, 135
سینیٹر مشاہد حسین سید 82, 84, 144
سینیٹر مولانا عطاءالرحمٰن 135
سینیٹر نہال ہاشمی 46, 47, 51
شیخ آفتاب احمد 3, 4, 20, 21, 22, 23, 24, 25, 26, 27, 28, 31, 32, 33, 34, 36, 37, 38, 42, 43, 44, 47, 48, 49, 51, 52, 120, 121, 129, 132, 133, 136